۱۹۔ ذہبی، ابوعبداللہ شمس الدین محمد، مناقب ابی حنیفۃ، دائرۃ المعارف العثمانیۃ، حیدرآباد دکن، ص ۲۰
۲۰۔ ایضاً
۲۱۔ ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم، توضیح الافکار، الطباعۃ المنیریۃ، مصر، ج ۲، ص ۲۹۷
۲۲۔ ابن کثیر، ابوالفداء اسماعیل بن کثیر، اختصار علوم الحدیث، مکتبہ دارالتراث، القاہرہ، ص ۱۱۰
۲۳۔ خطیب، ابوبکر احمد بن علی، الکفایۃ فی علم الروایۃ ص ۲۷۶
۲۴۔ ابن کثیر، اسماعیل بن کثیر، اختصار علوم الحدیث، مکتبۃ دار التراث، القاہرہ، ص ۱۱۰
۲۵۔ ایضاً
۲۶۔ سیوطی، جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر، تدریب الراوی، ص ۲۴۴
۲۷۔ ابن الصلاح، ابوعمرو عثمان بن عبدالرحمٰن، مقدمۃ ابن الصلاح، ص ۵۲
۲۸۔ خطیب، ابوبکر احمد بن علی، الکفایۃ فی علم الروایۃ ص ۲۰۷
۲۹۔ ایضاً
۳۰۔ ایضاً
۳۱۔ سیوطی، جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر، تدریب الراوی، ص ۲۴۵
۳۲۔ عراقی، زین الدین عبدالرحیم، التقیید والایضاح، المکتبۃ السلفیۃ، لاہور، ص ۲۲۶
۳۳۔ خطیب، ابوبکر احمد بن علی، الکفایۃ فی علم الروایۃ ص ۱۹۸
۳۴۔ سیوطی، جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر، تدریب الراوی، ص ۳۱۱
۳۵۔ ایضاً
۳۶۔ الجزائری، طاہر بن صالح بن احمد، توجیہ النظر، فی اصول الاثر، مطبعۃ الجمالیۃ، مصر، ص ۳۰۵
۳۷۔ ملاعلی القاری، شرح مسند الامام ابی حیفۃ، ص ۳
۳۸۔ ایضاً
۳۹۔ سیوطی، جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر، تدریب الراوی، ص ۳۱۱

بشرطیکہ وہ محکم ہواور راوی لغت کے لحاظ سے بصارت وبصیرت کا حامل ہو اور اگر حدیث عام ہوتو پھر بالمعنی روایت غیر مجتہد کے لیے جائز نہیں۔ ایسے ہی وہ حدیثی روایات جن میں جوامع الکلم، مشکل، مشترک اور مجمل متون آئے ہوں ان سب میں روایت بالمعنی جائز نہیں۔''

حافظ ابن حزم لکھتے ہیں:

''حضور اکرم ﷺ کی حدیث کا حکم تو یہی ہے کہ اس کی روایت باللفظ ہونی چاہیے کسی حالت میں کسی قسم کا کوئی تغیر نہ ہو، صرف ایک صورت میں روایۃ بالمعنی جائز ہے اور وہ یہ کہ راوی حدیث کا حافظ ہو اور ساتھ ہی قطعی طور پر اس کے معانی سے پوری طرح واقف ہو۔ اس حالت میں اگر اس سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جائے تو یہ رہنمائی کی خاطر حدیث کے معنی اور مدلول کو جواب میں اپنے الفاظ میں پیش کر سکتا ہے یا بحث ومباحثہ کے دوران حدیث کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کر سکتا ہے۔''

آپ مزید لکھتے ہیں:

''اس حد تک اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، لیکن اگر راوی ہونے کی حیثیت میں حدیث کی روایت کرے اور متن کو آپ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی طرف منسوب کرے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ الفاظ نبوت ویسے ہی پیش کرے جیسے سنے ہیں۔ اس میں حرف کی تبدیلی بھی جائز نہیں چاہے الفاظ میں معنوی ترادف بھی ہو۔''

روایت باللفظ کے سلسلے میں امام ابوحنیفہ، امام مالک اور ان کے معاصرین نے جو موقف اختیار کیا ہے یہ دراصل انتہائی احتیاط پر مبنی ہے۔ ان حضرات کے دور میں چونکہ حدیث روایات سے استنباط اور استخراج کا کام ہو رہا تھا، اس لیے ضرورت اس بات کی تھی کہ ہر ایک روایت کو اچھی طرح جانچ کر لیا جائے اور حتی الامکان یہ کوشش کی جائے کہ صحیح روایات کی بنیاد پر استنباط ہو۔ جن علماء نے روایت بالمعنی کے جواز کا قول امام ابوحنیفہ کی طرف منسوب کیا ہے اس سے مراد جواز مطلق نہیں، بلکہ جواز مقید ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ اسماعیل بن علیۃ کے حوالہ سے علامہ جزائری نے نقل کیا ہے:

**''ذهب جمهور العلماء الى جواز الرواية بالمعنى لمن يحسن ذلک بشرط ان يكون جازماً بانه ادى معنى اللفظ.''**

''جمہور علماء نے روایۃ بالمعنی کی اجازت دی ہے بشرطیکہ راوی مفہوم کی ادائیگی پر قدرت رکھتا ہو اور بیان کردہ مفہوم کی صحت کا اسے یقین ہو۔''

اخذ وتحدیث کے ضمن میں یہ وہ چند اساسی اصول ہیں جنہیں پیش نظر رکھا۔ امام ابوحنیفہ کے ان حدیثی اصولوں کو آپ کے اصحاب اور تلامذہ نے بھی مدّنظر رکھا۔ درج بالا اصولوں کے علاوہ روایت میں شذوذ، اہل اہواء کی روایات، راویۃ بالاجازۃ اور روایت کے درجات ومراتب پر بھی امام ابوحنیفہ کا مستقل موقف ہے، لیکن اس مقالے میں ان سارے اصولوں پر گفتگو کرنے کی گنجائش نہیں۔ ان چند اساسی اور بنیادی نکات پر اجمال واختصار کے ساتھ بحث سے مقصود یہ ہے کہ جو حضرات اس موضوع پر مزید مطالعہ کرنا چاہیں وہ اس کی بنیاد پر مصادر اور مآخذ کی طرف رجوع کر سکیں اور اس موضوع کے مزید گوشوں کو تلاش کر کے تفصیلی بحث کر سکیں۔

حواشی

۱۔ عراقی، زین الدین ابوالفضل عبدالرحیم بن الحسینی، التقیید والایضاح، المکتبۃ السلفیۃ، المدینۃ المنورہ، ص۴

۲۔ سیوطی، جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر، تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی، میر محمد کتب خانہ، کراچی، ص۲۰۲

۳۔ حازمی، الامام ابوبکر، تعلیقات علی شروط الائمۃ الخمسۃ، نور محمد اصح المطابع، کراچی، ص۴۵

۴۔ الیمانی، ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم الوزیر، الروض الباسم فی الذب عن سنۃ ابی القاسم، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ، مصر، ص۱۷

۵۔ نووی، ابوزکریا، محی الدین یحییٰ بن شرف، المجموع شرح المہذب، ادارۃ

میں صرف اس راوی کی روایت اپنے پاس لکھتا ہوں جو اپنے منہ سے نکلی ہوئی بات کو جانتا ہو، یہ بات آپ نے اس سوال کے جواب میں فرمائی تھی کہ آپ نے راویوں کی بہت بڑی تعداد سے ملاقات کے باوجود ان سے استفادہ کیوں نہیں کیا؟ اسی طرح امام مالک کا ان حضرات سے روایت نہ لینا جو متقی اور پرہیزگار تھے، لیکن تحدیث نہیں جانتے تھے، اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ آپ روایت کے اخذ میں انتہائی محتاط تھے اور روایت باللفظ کے قائل تھے۔"

حافظ سیوطی کی طرح امام غزالی نے بھی امام ابوحنیفہ کے بارے میں لکھا ہے کہ آپ روایت بالمعنی کے قائل تھے، لیکن محدث ملا علی قاری نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں حافظ ابوجعفر طحاوی کی ایک روایت کو پیشِ نظر رکھ کر اس بات کی وضاحت کی ہے کہ امام ابوحنیفہ روایت بالمعنی کے جواز کے قائل نہ تھے۔ امام طحاوی کی روایت یوں ہے:

**"حدثنا سليمان عن شعيب، حدثنا ابى قال املى علينا ابو يوسف قال: قال ابو حنيفه: لاينبغى للرجل ان يحدث من الحديث الا ما يحفظه من يوم سمعه الى يوم يحدث به."** (۳۷)

"امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ کسی راوی حدیث کے لیے حدیث کا بیان کرنا مناسب نہیں، جب تک اسے سماع کے دن سے روایت کے دن تک مسلسل وہ حدیث یاد نہ ہو۔"

ملا علی قاری اس روایت کی بنیاد پر امام ابوحنیفہ کا مسلک ان الفاظ میں بتاتے ہیں:

**"حاصله انه لم يجوز الرواية بالمعنى ولو كان مراد فاللمعنى خلافا للجمهور من المحدثين."** (۳۸)

"امام ابوحنیفہ روایۃ بالمعنی کو جائز نہیں کہتے، چاہے وہ مرادف الفاظ ہی میں کیوں نہ ہو۔ جمہور محدثین کا موقف یہ نہیں ان کے نزدیک روایت بالمعنی جائز ہے۔"

امام نووی لکھتے ہیں:

**"اذا وجد سماعه فى كتابه و لا يذكره فعن ابى حنيفة و بعض الشافعيه لا يجوز روايته."** (۳۹)

"اگر راوی کے پاس مخطوطہ ہو، لیکن اسے مخطوطہ کی روایات زبانی یاد نہ ہوں تو امام ابوحنیفہ کی اس روایت کرنے کو جائز نہیں سمجھتے۔ شوافع میں سے بھی بعض اس موقف کے قائل ہیں۔"

امام یحییٰ بن معین سے پوچھا گیا کہ اگر کسی راوی کے پاس روایات لکھی ہوئی ہوں، لیکن اسے وہ زبانی یاد نہ ہوں تو کیا وہ ان روایات کی تحدیث کر سکتا ہے؟ آپ نے جواب دیا:

"امام ابوحنیفہ کا موقف یہ ہے کہ جس حدیث کا راوی اس کا حافظ اور عارف نہ ہو اسے روایت نہ کرے۔"

امام عبدالعزیز بخاری اس بارے میں لکھتے ہیں:

**"العزيمة ان يحفظ المسموع من وقت السماع والفهم الى وقت الاداء وهذا مذهب ابى حنيفة فى الاخبار والشهادة."**

"عزیمت یہ ہے کہ راوی سماع اور فہم کے وقت سے لے کر تحدیث اور روایت کے وقت تک متن کو پوری طرح یاد رکھے۔ امام ابوحنیفہ کا مسلک اخبار اور شہادت میں یہی ہے۔"

عزیمت کے مقابلہ میں رخصت کی صورت میں امام نسفی نے جو رائے دی ہے وہ یہ ہے:

**"والرخصة ان ينقله بمعناه، فان كان محكما لا يحتمل غيره يجوز نقله بالمعنى لمن له بصيرة فى وجوه اللغة، وان كان ظاهراً يحتمل غيره فلا يجوز نقله بالمعنى الا اللفقيه المجتهد و ما كان من جوامع الكلم او المشكل او المشترک او الجمل لا يجوز نقله بالمعنى للكل."**

"رخصت یہ ہے کہ حدیث میں روایۃ بالمعنی کی اجازت ہے

الحجازيين و الكوفيين." (۳۱)

"امام زہری، امام مالک، امام ابن عینیہ، امام یحییٰ القطان، امام بخاری حجاز اور کوفہ کے جمہور علماء اور محدثین کی ایک جماعت سماع اور قراۃ کو حکماً ایک درجہ دینے کی قائل ہے۔"

۵۔ **روایت باللفظ**

روایت باللفظ اور روایت بالمعنی کے سلسلے میں علماء حدیث کے اقوال مختلف ہیں۔علماء کی ایک جماعت کے نزدیک راوی کے لیے ضروری ہے کہ حدیث کی روایت باللفظ کرے، جب کہ دوسری جماعت کا مؤقف یہ ہے کہ راوی اگر الفاظ و معانی کا فہم رکھتا ہو تو بالمعنی روایت کرسکتا ہے۔ حافظ ابن الصلاح اس بارے میں لکھتے ہیں:

**"اذا اراد (الراوی) روایة ما سمعه علی معناه دون لفظه، فان لم یکن عالماً عارفاً بالالفاظ و مقاصدها، خبیراً بما یحیل معانیها، بصیراً بمقادیر التفاوت بینها فلا خلاف انه لا یجوز له ذلک، وعلیه ان لا یروی ما سمعه الا علی اللفظ الذی سمعه من غیر تغییر......فاما اذا کان عالماً عارفاً بذلک فهذا مما اختلف فیه السلف و اصحاب الحدیث و ارباب الفقه الاصول." (۳۲)**

"جب کوئی راوی حدیث بالمعنی روایت کرنا چاہے تو اگر وہ الفاظ اور مقاصد روایت سے آگاہ نہ ہو تو سب کا اس پر اتفاق ہے کہ اس کے لیے روایت بالمعنی جائز نہیں، اسے روایت باللفظ ہی کرنی چاہیے۔ ہاں اگر راوی الفاظ اور مقصد روایت سے آگاہ ہو تو اس میں متقدمین، محدثین، فقہاء اور اہل اصول کا اختلاف ہے۔"

جمہور کے نزدیک اس کے لیے روایت بالمعنی جائز ہے، جبکہ فقہاء اور اہل اصول میں سے بعض کے نزدیک اسے معنیِ روایت کرنے کی اجازت نہیں ہے۔خطیب بغدادی لکھتے ہیں:

"اکثر اسلاف اور محدثین کہتے ہیں کہ روایت بالمعنی جائز نہیں، بلکہ نہایت ضروری ہے کہ روایت باللفظ ہو اس میں کسی قسم کی کمی بیشی اور کسی طرح کی تقدیم و تاخیر نہ کی جائے اس موضوع پر کچھ روایات پہلے آچکی ہیں۔ان اکابر نے عالم اور غیر عالم میں اس پہلو سے کوئی فرق روا نہیں رکھا ہے۔" (۳۳)

علامہ سیوطی لکھتے ہیں:

**"کان القاسم بن محمد و ابن سیرین و رجاء بن حیوة یعیدون الحدیث علی حروفه." (۳۴)**

"قاسم بن محمد، امام ابن سیرین اور جاء بن حیوۃ حدیث بیان کرتے وقت حروف کا اہتمام رکھتے تھے۔"

حافظ سیوطی نے روایۃ بالمعنی کے ضمن میں اس کے جواز کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

**"قال جمهور السلف والخلف من الطوائف منهم الائمة الاربعة: یجوز بالمعنی فی جمیعه اذا قطع باداء المعنی." (۳۵)**

"سلف اور خلف کی اکثریت جن میں ائمہ اربعہ بھی شامل ہیں، کی رائے یہ ہے کہ روایت بالمعنی اس راوی کے لیے جائز ہے جو حدیث کے صحیح مفہوم کو سمجھتا اور اسے ادا کرسکتا ہو۔"

لیکن حافظ سیوطی کی یہ تعلیق محل نظر ہے، کیونکہ امام مالک اور امام ابوحنیفہ دونوں روایۃ بالمعنی کے جواز کے قائل نہیں۔علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

**"ذهبت طائفة من العلماء الی انه لا تجوز الروایة بالمعنی مطلقاء وهو الصحیح من مذهب مالک ویدل علی ذلک قوله: لا اکتب الا عن رجل یعرف ما یخرج من راسه و ذلک فی جواب ترکه الاخذ ممن لهم فضل و صلاه اذا کانوا لا یعرفون ما یحدثون به." (۳۶)**

"علماء کی ایک جماعت کا مسلک یہ ہے کہ روایت بالمعنی مطلقاً جائز نہیں۔امام مالک کا مذہب بھی یہی ہے۔آپ کا یہ ارشاد کہ

روبرو پڑھوں تو مجھے یہ زیادہ پسند ہے بہ نسبت اس کے کہ شیخ پڑھے اور میں سنوں۔'' (۲۳)

اس ضمن میں حسن بن زیاد کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ فرماتے تھے:

''تمہارا شیخ کے روبرو پڑھنا سماع کے مقابلے میں زیادہ ثابت اور مؤکد ہے، کیونکہ جب شیخ تمہارے سامنے پڑھے تو وہ صرف کتاب ہی سے پڑھے گا اور جب تم پڑھو گے تو وہ کہے گا کہ میری جانب سے وہ روایت کرو جو تم نے پڑھا ہے، اس لیے یہ مزید تاکید ہوگی۔'' (۲۴)

حافظ ابن کثیر امام ابوحنیفہ کے مؤقف کے بارے میں لکھتے ہیں:

''وعن مالک وابی حنیفة وابن ابی ذئب انها اقوی.'' (۲۵)

''امام مالک، امام ابوحنیفہ اور ابن ابی ذئب کہتے ہیں کہ قراۃ افضل اور اقویٰ ہے۔''

امام نووی لکھتے ہیں:

''والثابت عن ابی حیفة وابن ابی ذئب وهو روایة عن مالک.'' (۲۶)

''امام ابوحنیفہ، ابن ابی ذئب اور امام مالک کا مسلک یہ ہے کہ قراۃ علی الشیخ کو سماع پر ترجیح دی جائے۔''

حافظ ابن الصلاح لکھتے ہیں:

''فنقل عن ابی حنیفه و ابن ابی ذئب وغیرهما ترجیح القراءة علی الشیخ علی السماع من لفظه.'' (۲۷)

''امام ابوحنیفہ اور ابن ابی ذئب وغیرہ کا مؤقف یہ نقل کیا جاتا ہے کہ قراۃ کو سماع پر ترجیح حاصل ہے۔''

علماء حدیث کی عام روش یہ ہے کہ راوی جو حدیث سماعاً اخذ کرتا ہے، اسے روایت کرتے وقت ''حدثنی'' یا ''حدثنا'' کا صیغہ استعمال کرتا ہے اور جو روایت قراۃ اخذ کرتا ہے، اسے ''اخبرنی'' یا ''اخبرنا'' کے صیغے کے ساتھ روایت کرتا ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک قراۃ اخذ کردہ حدیث بھی حدثنا کہہ کر روایت کرنا جائز ہے۔ اس ضمن میں خطیب بغدادی لکھتے ہیں:

''امام ابویوسف کہتے ہیں کہ میں نے امام ابوحنیفہ سے پوچھا کہ ایک راوی جس نے حدیث قراۃ حاصل کی ہو، کیا اس کے لیے جائز ہے کہ وہ حدثنا کے ساتھ اس کی روایت کرے؟ آپ نے فرمایا، ہاں، اس کے لیے جائز ہے کہ وہ حدثنی کے ساتھ اس کی روایت کرے۔ اس کا حدثنی کہنا ایسا ہے کہ جیسے کسی شخص کے سامنے اقراری دستاویز کو پڑھا جائے اور وہ کہہ دے کہ اس نے میرے سامنے اس دستاویز کے سارے مشمولات کا اقرار کیا ہے۔'' (۲۸)

امام ابوعاصم النبیل کہتے ہیں کہ:

''میں نے امام مالک، ابن جریج، سفیان ثوری اور امام ابوحنیفہ سے پوچھا کہ ایک راوی اگر قراۃ حدیث حاصل کرلے تو کیا اسے روایت کرتے وقت حدثنا کہنا جائز ہے؟ سب کا جواب مجھے یہی ملا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔'' (۲۹)

امام یحییٰ بن ایوب کہتے ہیں کہ:

''میں نے ابوقطن سے سنا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ مجھ سے امام ابوحنیفہ نے کہا، مجھ سے قراۃ اخذ کرو اور حدثنا کہہ کر روایت کیا کرو۔ اگر میں اس میں کسی قسم کا بھی حرج سمجھتا تو کبھی بھی اس کی اجازت نہ دیتا۔'' (۳۰)

یہاں سماع اور قراۃ پر تفصیلی بحث کی گنجائش نہیں۔ بہرکیف جو حضرات اس فن سے تعلق رکھتے ہیں وہ بخوبی جانتے ہیں کہ قراۃً اخذ کرنا سماع کے مقابلے میں راوی کے لیے کتنا مفید اور متن کے لیے کتنا موزوں اور مناسب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کبار فقہاء اور محدثین نے قراۃً اخذ کردہ حدیث کو حدثنا کہہ کر جائز قرار دیا ہے۔ امام نووی لکھتے ہیں:

''انه مذهب الزهری و مالک و ابن عینیه و یحیی القطان والبخاری وجماعة من المحدثین و معظم

طبقہ صحابہ کے بعد دیگر طبقات میں ثقہ اور عادل رواۃ کی جماع نے نقل کیا ہو۔''

حافظ ذہبی نے امام ابن معین کی سند سے امام ابوحنیفہ کا یہ اصول ارشاد نقل کیا ہے:

''میں کتاب اللہ سے لیتا ہوں، اگر اس میں کوئی چیز نہ ملے تو رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب ان روایات سے لیتا ہوں جو ثقہ اور عادل رواۃ کے ذریعے پھیل گئی ہوں۔ پھر اگر یہاں بھی نہ ملے تو صحابہ کرام کے اقوال سے استفادہ کرتا ہوں، لیکن جب بات ابراہیم، شعبی، حسن بصری اور عطاء بن ابی رباح تک آتی ہے تو جس طرح ان حضرات نے استنباط کیا ہے میں بھی استنباط کرتا ہو۔''(۱۹)

یہاں امام ابوحنیفہ نے پوری صراحت کے ساتھ بتایا ہے کہ کتاب اللہ کے بعد ان کے نزدیک وہ حدیث قابلِ اعتماد ہے جسے ثقہ اور عادل رواۃ نے اخذ کرنے کے بعد دیگر ثقہ رواۃ کی طرف منتقل کیا ہو اور اس طرح اسے شہرت حاصل ہو گئی ہو۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک قرآن اصل اوّل ہے اور سنت اصل ثانی۔ اصل ثانی کی بنیاد چونکہ روایات پر ہے اس لیے اس کے مصادر مختلفہ کو اچھی طرح جانچ کر اطمینان حاصل کر لینا چاہیے۔ امام سفیان ثوری اخذ حدیث کے متعلق ابوحنیفہ کا اصول یوں بتاتے ہیں:

**"یاخذ بما صح عنده من الاحادیث التی کان یحملها الثقات."**(۲۰)

''امام ابوحنیفہ وہ حدیثی روایات لیتے ہیں جو آپ کے نزدیک صحیح ہوتی ہیں جنہیں ثقات کی جماعت نے اخذ اور روایت کیا ہو۔''

اس لحاظ سے دیکھا جائے تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے وہی روایات لی ہیں جنہیں روایۃً اور عملاً شہرت حاصل ہو گئی تھی۔ آپ کے دَور میں چونکہ تابعین اور کبار تابعین کی اچھی خاصی تعداد موجود تھی، اس لیے آپ کو جتنی روایات ملیں وہ کم سے کم واسطوں سے ملیں، بعد کے محدثین تک یہ روایات زیادہ تر ثنائیات اور ثلاثیات ہیں۔ علاوہ ازیں ان روایات پر عمل کرتے ہوئے تابعین اور کبار تبع تابعین کو آپ نے بچشم خود دیکھا۔ بعد کے محدثین کو یہ موقع نہیں مل سکا، ان کے پاس جتنی روایات آئی ہیں وہ روایۃً آئی ہیں اور وسائط کی کثرت کے ساتھ آئی ہیں۔

۴۔ سماع اور قراۃ

علماء حدیث کے ہاں اخذ اور تحمل کے جو طریقے متداول ہیں، ان میں بنیادی طریقے دو ہیں۔ ایک طریقہ سماع کا ہے جسے قراۃ الشیخ بھی کہتے ہیں۔ دوسرا طریقہ قراۃ کا ہے جسے قراۃ علی الشیخ بھی کہتے ہیں۔ سماع یہ ہے کہ راوی شیخ سے روایت سنے اور اسے ضبط کرے۔ شیخ اپنے حافظہ سے بیان کرے یا مخطوطہ سے اس میں کوئی قید نہیں۔ حافظ زین الدین عراقی اس کی تعریف یوں کرتے ہیں:

**"سواء أحدث من كتابه او من حفظه باملاء او بغير املاء."**(۲۱)

''شیخ اپنے مخطوطہ سے تحدیث کرے یا حافظہ سے کرے دونوں برابر ہیں۔ راوی اپنے پاس کتابۃً ضبط کرے یا بالصدر ضبط کرے دونوں جائز ہیں۔ قراۃ کی تعریف حافظ ابن کثیر نے ان الفاظ کے ساتھ کی ہے: **"القراة على الشيخ حفظًا او من كتاب و هو العرض عند لاجمهور."**(۲۲) قراۃ علی الشیخ یہ ہے کہ راوی اپنے شیخ کے سامنے بیٹھ کر روایات پیش کرے، شیخ ان روایات کو سنے اور حسب ضرورت اصلاح کرے، تحمل حدیث کے لحاظ سے یہ دونوں طریقے جائز اور حکماً برابر ہیں، لیکن تقابل کی صورت میں ائمہ حدیث سماع کو قراۃ پر ترجیح دیتے ہیں۔ حافظ ابن الصلاح، حافظ زین الدین عراقی، امام نووی، حافظ ابن کثیر دمشقی اور حافظ جلال الدین السیوطی نے اپنی مؤلفات میں اس کی تصریح کی ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک قراۃ کی صورت میں سماع کے مقابلہ میں قابلِ ترجیح ہے۔ خطیب بغدادی نے مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کا یہ قول نقل کیا ہے: مکی بن ابراہیم کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ میں اگر شیخ کے

اپنی روایات زبانی یاد نہ ہوں اس کے لیے ان کی تحدیث مناسب نہیں، لیکن ہمارا موقف یہ ہے کہ مخطوطہ اگر راوی کا اپنا ہو تو اس کی روایات وہ بیان کر سکتا ہے، چاہے وہ ان روایات کا حافظ ہو یا نہ ہو۔"(۱۳)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے "ضبط صدر" کو تحدیث کے لیے اتنی اہمیت کیوں دی ہے؟ اس دور کی تاریخ کو مدّنظر رکھ کر اس کے بہت سارے عوامل پر بحث کی جا سکتی ہے، لیکن یہاں اتنی تفصیلات کی گنجائش نہیں۔ بہرکیف علماء حدیث کے ہاں یہ اصول مسلّمہ ہے کہ جس راوی نے حدیثی روایات ضبط بالکتابہ اور ضبط بالصدر دونوں پہلوؤں سے اخذ کی ہوں، اس کی روایات اس راوی کے مقابلے میں قابلِ ترجیح ہوں گی، جس نے محض کتابۃً روایات اخذ کی ہوں۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے ضبط صدر کو تحدیث کے سلسلے میں جو اہمیت دی ہے، غور سے دیکھا جائے تو حدیث کے راوی کے لیے واقعی اس کی ضرورت ہے۔ فخر الاسلام بزدوی ضبط کے بارے میں لکھتے ہیں:

"ضبط کا مفہوم یہ ہے کہ روایت کو اس طرح اخذ کیا جائے جس طرح اس کے حصول کا حق ہے، پھر اس کے صحیح مفہوم کو سمجھا جائے، امکانی کوشش سے اسے یاد کیا جائے، پھر اس کی حدود کی حفاظت کر کے اس کی پابندی کی جائے اور تحدیث تک اسے بار بار دُہرایا جائے، ایسا نہ ہو کہ وہ ذہن سے اتر جائے۔"(۱۴)

ابن خلدون اگر مؤرخ ہیں، تاہم اپنے مقدمہ میں علم حدیث کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے آپ نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی شرائط اخذ کو باقی محدثین کے مقابلے میں سخت قرار دیا ہے۔ لکھتے ہیں:

**"شدد فی شروط الروایة والتحمل وضعف روایة الحدیث الیقینی اذا عارضها الفعل النفسی."(۱۵)**

"امام ابوحنیفہ نے اخذ اور تحدیث کی شرائط میں سختی کی اور اگر حدیث فعل نفسی کے معارض ہو تو اس کی تضعیف کی ہے۔"

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے راوی کے لیے ضبط صدر کی شرط میں جس حزم و احتیاط سے کام لیا جائے متاخرین نے اسے "تشدید" سے تعبیر کیا ہے، حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ یہی تشدید نہیں بلکہ اہتمام ہے۔ حافظ ابومحمد عبداللہ حارثی سند متصل کے ساتھ امام وکیع سے نقل کرتے ہیں:

**"اخبرنا القاسم بن عباد، سمعت یوسف الصفار، یقول: سمعت وکیعًا یقول: لقد وجد الورع عن ابی حنیفة فی الحدیث ما لم یوجد عن غیره."(۱۶)**

"امام وکیع بن الجراح کہتے ہیں کہ حدیث کے اخذ و روایت کے سلسلہ میں جو احتیاط امام ابوحنیفہ نے کی ہے، کسی دوسرے نے نہیں کی۔"

یہی وجہ ہے کہ امام وکیع نے امام ابوحنیفہ کی ساری روایات زبانی یاد کی تھیں۔ امام وکیع اپنے دور کے سب سے بڑے شیخ تھے۔ امام احمد، امام علی بن المدینی، امام یحییٰ بن معین اور امام عبداللہ بن المبارک ان کے تلامذہ حدیث میں سے ہیں۔ حافظ ابن عبدالبر، یحییٰ بن معین سے نقل کرتے ہیں:

"میرے علم میں وکیع سے بڑا کوئی شخص نہیں ہے۔ وکیع امام ابوحنیفہ کے قول پر فتویٰ دیتے تھے اور ان کو امام ابوحنیفہ کی ساری حدیثیں ازبر تھیں۔ انہوں نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے بھرپور استفادہ کیا تھا۔"(۱۷)

۳۔ شہرت اور تواتر

علماء حدیث کے نزدیک جب حدیث کے راویوں میں اسلام، تکلیف، ضبط اور عدالت کی صفات موجود ہوں تو وہ حدیث قابلِ عمل اعتماد ہوتی ہے۔ امام ابوحنیفہ نے ان صفات کے علاوہ روایت کی قبولیت کے لیے یہ شرط بھی رکھی ہے کہ اس کے راوی طبقہ تابعین اور تبع تابعین میں معقول تعداد میں موجود ہوں۔ امام عبدالوہاب شعرانی لکھتے ہیں:

**"قد کان الامام ابوحنیفه یشترط فی الحدیث المنقول عن رسول الله صلّی الله علیه وسلّم قبل العمل به ان یرویه عن ذلک الصحابی جمع اتقیاء عن مثلهم و هکذا."(۱۸)**

"امام ابوحنیفہ حدیثی روایات کو قابلِ عمل تب مانتے تھے کہ اسے

یہ پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے مراسیل کو رڈ کر دیا، یہ ان کی بہت بڑی غلط فہمی ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے کبار تابعین کے مراسیل کو قبول کیا ہے، انہوں نے جو شرائط اس ضمن میں وضع کی ہیں وہ محض احتیاط کے لیے ہیں۔ ورنہ حقیقتاً مراسیل ان کے نزدیک بھی قابلِ استدلال ہیں۔ امام احمد کا مؤقف بھی مراسیل سے استدلال کا ہے۔ اس ساری صورتِ حال کو مدّ نظر رکھ کر یہی کہنا حق اور درست ہے کہ امام ابوحنیفہ کا مؤقف ''ارسال اور اتصال'' کے سلسلے میں وہی رہا ہے جو اس دور کے جمہور علماء، فقہاء اور محدثین کا تھا۔

۲۔ ضبط راوی

علماء حدیث کے نزدیک حدیث کے راوی کے لیے ضروری ہے کہ وہ مسلمان ہو، مکلّف ہو، ضابط ہو اور ثقہ و عادل ہو۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ محدثین کی بیان کردہ شرائط کو ضروری قرار دینے کے ساتھ ضبط کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں، چنانچہ آپ ضبط صدر کو راوی کے لیے ضروری قرار دیتے ہیں اور تحدیث کی اجازت صرف اس راوی کو دیتے ہیں جو حدیث سننے کے دن سے بیان کرنے کے دن تک حدیث کا حافظ ہو۔ امام جعفر طحاوی رحمہ اللہ اس بارے میں آپ کا یہ اصول نقل کرتے ہیں:

**''قال ابو حنيفة: لاينبغي لرجل ان يحدث من الحديث الا ما حفظه من يوم سمعه الى يوم يحدث به.''(۸)**

''امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ عام راوی کے لیے تحدیث مناسب نہیں، ہاں وہ راوی تحدیث کرے جو سماع کے دن سے روایت کے دن تک حدیث کا حافظ ہو۔''

یحییٰ بن معین کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ حدیث کی روایت میں بہت محتاط تھے۔ خطیب بغدادی رحمہ اللہ نے اپنی تاریخ میں ابن معین کا یہ قول نقل کیا ہے:

''امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ صرف حدیث کی وہ روایات بیان کرتے ہیں جن کے وہ حافظ ہیں اور جن روایات کے وہ حافظ نہیں، وہ بیان ہی نہیں کرتے۔''(۹)

امام نووی رحمہ اللہ نے ضبط کے حوالے سے امام مالک اور امام ابوحنیفہ رحمہم اللہ کا مسلک ان الفاظ میں بتایا ہے:

**''فمن المشددين من قال لا حجة الا فيما رواه من حفظه و تذكره، روى عن مالك و ابى حنيفه.''(۱۰)**

ضبط کے سلسلے میں انتہائی احتیاط برتنے والوں کا مؤقف یہ ہے کہ جو راوی اپنی روایت کا پوری طرح حافظ نہ ہو، اس کی تحدیث جائز نہیں۔ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ کا مسلک یہی بتایا جاتا ہے۔ حافظ سیوطی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے اس مؤقف پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

**''هذا مذهب شديد، وقد استقر العمل على خلافه، فلعل الرواة فى الصحيحين من لم يوسف بالحفظ لايبلغون النصيف.''(۱۱)**

''اس مؤقف میں انتہائی درجہ کی احتیاط ہے، دیگر محدثین روایت وتحدیث کے سلسلے میں اس اصول کو اپنا نہیں سکے۔ اس معیار کے پیشِ نظر صحیحین کا جائزہ لیا جائے تو نصف راوی ایسے ملیں گے جو ''ضبط'' کی اس شرط پر پورے نہ اتریں گے۔''

توضیح الافکار، اختصار علوم الحدیث اور مقدمہ ابن الصلاح کے مؤلفین کا تبصرہ بھی اس سے ملتا جلتا ہے۔ حافظ ابن الصلاح لکھتے ہیں:

**''من مذاهب التشديد مذهب من قال: لا حجة الا فيما رواه الراوى من حفظه و تذكره، وذلك مروى عن مالك و ابى حنيفة.''(۱۲)**

''انتہائی محتاط مذہب ان حضرات کا ہے جو راوی کے لیے ''ضبط صدر'' ضروری قرار دیتے ہیں۔ یہ مذاہب امام مالک اور امام ابوحنیفہ کا ہے۔''

خطیب بغدادی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

''یحییٰ بن معین سے پوچھا گیا کہ اگر کسی راوی کے پاس مخطوطہ ہو، لیکن مخطوطہ میں مندرج روایات اسے زبانی یاد نہ ہوں تو وہ کیا کرے؟ کہنے لگے، امام ابوحنیفہ کا مؤقف تو یہ ہے کہ جس راوی کو

استدلال نہیں رہتی۔ ارسال چونکہ انقطاع کی ایک شکل ہے، اس لیے محدثین نے حدیث مرسل کو اپنے اصول کے مطابق ضعیف قرار دے کر نا قابلِ استدلال قرار دیا۔ حدیث مرسل اصطلاح میں وہ حدیث کہلاتی ہے جس کی سند میں صحابی کا واسطہ حذف کر دیا گیا ہو۔ تابعی براہِ راست آپ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے قول وفعل کو نقل کر رہا ہو، جیسا کہ عام طور پر مکحول دمشقی، ابراہیم، سعید بن المیسب، حسن بصری، ابن سیرین اور دیگر تابعین کا معمول تھا۔ اتصال کی یہ قید تیسری صدی کے محدثین نے اس لیے لگائی ہے کہ ان کے دَور میں اسنادی وسائط زیادہ ہو گئے تھے، ان واسطوں میں اہم کڑیاں معلوم کرنا اور پھر ان میں باہم اتصال کا پتہ لگانا ضروری ہو گیا تھا۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا تعلق چونکہ دوسری صدی سے ہے اس لیے ان کے دَور میں اتصال اور ارسال میں اسنادی وسائط کم ہونے کی وجہ سے کوئی فرق نہیں تھا۔ علماء کے ہاں جس طرح مسانید قابلِ استدلال تھیں، اسی طرح مراسیل بھی حجت تھیں۔

حافظ ابن جریر اس ضمن میں لکھتے ہیں:

**"اجمع التابعن باسرھم قبول المرسل ولم یات عنھم انکاره ولا عن احد من الائمہ بعدھم الی راس الماتین."** (۲)

"تابعین کے ہاں مرسل کے قابلِ قبول ہونے پر اتفاق تھا۔ ان سے پہلے اور ان کے بعد کسی بھی امام سے دوسری صدی کے اختتام تک مرسل کا انکار ثابت نہیں ہے۔"

امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے اہلِ مکہ کے نام اپنے رسالہ میں لکھا:

**"اما المراسیل فقد کان یحتج بھا العلماء فیما مضی مثل سفیان الثوری و مالک والاوزاعی حتی جاء الشافعی فتکلم فیھا و تابعہ علی ذلک احمد بن حنبل وغیره."** (۳)

"جہاں تک مراسیل کا تعلق ہے تو معلوم ہونا چاہیے کہ ان کو اسلاف ومتقدمین مثلاً سفیان ثوری، امام مالک اور امام اوزاعی سب ہی قابلِ استدلال سمجھتے تھے، تا آنکہ امام شافعی آئے اور انہوں نے مراسیل کی حجت پر کلام کیا اور امام احمد نے بھی اس ضمن میں ان کی پیروی کی۔"

حقیقت یہ ہے کہ دوسری صدی کے اربابِ علم کو غلبہ عدالت کی وجہ سے اپنے دَور کے شیوخ پر ایسا ہی اعتماد تھا جیسا کہ بعد کے دَور میں قطنی، بیہقی اور حافظ ابن حجر کو امام بخاری اور امام مسلم پر ہے۔ حافظ بن ابراہیم الوزیر لکھتے ہیں: **"ولا شک ان الغالب علی حملة العلم النبوی ﷺ فی ذلک الزمان العدالة."** (۴) "بیشک اس دور میں اہلِ علم میں عدالت غالب تھی۔" عدالت ہی کی بنیاد پر جمہور محدثین اور فقہاء نے یہ اصول طے کیا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مراسیل بلاتفریق طبقہ حجت اور قابلِ استدلال ہیں۔

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ "مراسیل صحابہ جمہور اہل اسلام کے نزدیک حجت ہیں۔" (۵)

امام شوکانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مراسیل مسانید کے حکم میں ہیں۔ (۶)

تابعین کبار کے بارے میں امام بیہقی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ "ان کے مراسیل بھی مراسیل صحابہ کی طرح حجت ہیں، جب کہ ان کے راویوں میں عدالت اور شہرت ہو اور ضعیف و مجہول رواۃ کی روایت سے اجتناب ہو۔" (۷)

مراسیل کی حجیت ایک مستقل موضوع ہے، یہاں اس پر تفصیلی گفتگو مقصود نہیں۔ بتانا صرف یہ تھا کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے دور میں مراسیل اور مسانید کی تقسیم نہیں تھی۔ علماء کے ہاں دونوں قسم کی روایات متداول تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ امام مالک کی "موطا" میں سینکڑوں مراسیل آئی ہیں، بلکہ مالکیہ کے ہاں مراسیل اور مسانید میں حکماً کوئی فرق نہیں۔ علم حدیث کے بنیادی اور اساسی مآخذ میں مراسیل کی کمی نہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا دور چونکہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ کے بعد کا ہے، اس لیے اسنادی وسائط بڑھ جانے کی وجہ سے انہوں نے مراسیل کی حجیت پر اپنے رسالہ میں کلام کیا، اور مرسل کی حیثیت کو بعض شرائط کے ساتھ مشروط کر دیا۔ جو حضرات امام شافعی رحمہ اللہ کا موقف



معارفِ علومِ اسلامیہ

# امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے اصولِ اخذ وتحدیث


ڈاکٹر علی اصغر چشتی

ڈین شعبہ علومِ عربی واسلامیات

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد


امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے دور تک حدیثی راویات کے بہت سارے ذخائر صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین کے ذریعہ اسلامی ریاست کے مختلف اطراف واکناف تک پہنچ چکے تھے۔ یہ روایات مختلف علمی مراکز میں محفوظ ہو چکی تھیں اور ان پر عمل ہو رہا تھا۔ پہلی صدی ہجری میں اسلامی ریاست کے پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ علمی مراکز پھیلتے اور بڑھتے چلے گئے۔ ابتداء میں مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ میں جلیل القدر صحابہ اوران کے تلامذہ کی وجہ سے حدیث کے اخذ وتحدیث کا رواج تھا، لیکن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب کوفہ بسایا گیا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک معتدبہ جماعت اس شہر میں منتقل ہوگئی جن میں نمایاں حیثیت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور آپ کے تلامذہ کی وجہ سے کوفہ میں ایک بہت بڑا علمی حلقہ قائم ہوگیا۔ اسی دَور میں سیّدنا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے مصر فتح کیا اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی وساطت سے وہاں حدیثی مرکز قائم ہوگیا۔ یہ اور اسی طرح کے دوسرے حلقوں میں پورے تسلسل کے ساتھ روایت وتحدیث کا کام جاری رہا تا آنکہ پہلی صدی کے اختتام پر حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عنان خلافت سنبھالی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے دَور میں وہ تمام ادارے جو خلفاء راشدین اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کے دور تک پورے نظم وضبط کے ساتھ علمی کام کر رہے تھے، سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے درہم برہم ہو چکے تھے اور اب صورتِ حال یہ تھی کہ انفرادی اور نجی طور پر بعض اطراف میں علمی حلقے قائم تھے، آپ نے سوچا کہ حدیث کے تمام دستیاب ذخائر کو یکجا کر دیا جائے، مبادا ان ذخائر کے حاملین دنیا سے ایک ایک کر کے اٹھ جائیں اور یہ روایات وقت کے ساتھ ساتھ ضائع ہو جائیں۔ چنانچہ اس دَور کے مشہور محدث امام محمد بن مسلم بن شہاب زہری کو آپ نے یہ فریضہ سونپ دیا کہ حتی المقدور وہ تمام حدیثی روایات جمع کر دی جائیں جو اسلامی ریاست کے اطراف میں محدثین کے پاس انفرادی اور اجتماعی طور پر موجود ہیں۔ امام زہری نے حسب ہدایت روایات کو جمع کرنے کا کام شروع کر دیا، لیکن عمر بن عبدالعزیز ۱۰۱ھ میں انتقال کر گئے اور یہ سارا منصوبہ دھرا کا دھرا رہ گیا۔ امام زہری اور ان کے اصحاب کی کوششوں سے حدیثی روایات جمع تو ہو گئیں لیکن اب ضرورت اس بات کی تھی کہ ان روایات میں جو اختلافات ہیں انہیں دُور کر لیا جائے اور ان پر پوری طرح بحث وتمحیص کی جائے۔ امام ابوحنیفہ پہلی صدی کے اختتام تک علم حدیث کے اساطین اور اعلام سے استفادہ کر چکے تھے۔ آپ نے ابن شہاب زہری سے بھرپور استفادہ کیا تھا، حجاز میں چار سال کے قیام کے دوران یہاں کے شیوخ اور علمی حلقوں سے آپ نے پوری محنت ولگن کے ساتھ اخذ کیا تھا۔ کوفہ میں عبداللہ بن مسعود اور سیّدنا علی رضی اللہ عنہم اور ان کے تلامذہ ومتعلقین کی روایات آپ کے پاس محفوظ تھیں۔ اس وقت آپ کے پیشِ نظر جو اہم کام تھا وہ ان روایات سے استنباط اور استخراج کا تھا۔ استنباط سے پہلے چونکہ ان روایات کے اخذ اور قبول کا مرحلہ تھا، اس لیے آپ نے اس مقصد کی خاطر چند بنیادی اصول وضع کر لیے۔ ان اصولوں پر اختصار کے ساتھ بات کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

### ۱۔ سند میں اتصال اور ارسال

ائمہ حدیث کے نزدیک حدیث صحیح کے لیے ضروری ہے کہ اس کی سند میں اتصال ہو۔ حافظ ابن الصلاح اور حافظ زین الدین عراقی نے حدیث کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

**"الصحیح ما اتصل سندہ بنقل عدل ضابط من مثلہ من غیر شذوذ و لا علۃ قادحۃ."**(۱)

"صحیح حدیث وہ ہے جن کی سند میں اتصال ہو، جس کا ہر ایک راوی عادل اور ضابط ہو، جس میں شذوذ اور علت قادحہ نہ ہو۔"

اس تعریف کی رُو سے ہر وہ حدیث جن کی سند میں کسی بھی قسم کا انقطاع ہو، محدثین کے نزدیک ضعیف کہلاتی ہے اور ضعیف ہونے کی وجہ سے قابلِ

لَهُمُ الشَّيۡطٰنُ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ.

ترجمہ: کیوں نہ ہوا کہ جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو گڑگڑا گئے ہوتے؟ ان کے دل سخت ہو گئے ہیں اور شیطان نے ان کے کام ان کی نگاہ میں بھلے کر دکھائے۔

آیئے! اگر ہم جڑ کٹنے والے عذابوں سے بچنا چاہتے ہیں تو صدرِ پاکستان سے لے کر عام آدمی تک سبھی اپنے اپنے گناہوں سے سچی توبہ کریں۔

شہداء نے جس وعدہ کی خاطر پاکستان کی بنیادوں میں اپنا خون ڈالا تھا، وہ وعدہ پورا کریں۔

**پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الٰہ الا اللہ!!**

پاکستانی اسے بھول سکتے ہیں لیکن قدرت کبھی نہیں بھولتی۔

اس کے انتقام سے بچنے کے لیے پاکستان کو ایک سیکولر ریاست (Secular State) بنانے کی بجائے اسے ایک خالص اسلامی ملک (Pure Islamic State) بنانے کے لیے کوشش کریں۔ اپنی اپنی غلطیوں کو تسلیم کریں۔ فرداً فرداً اور مجموعی طور پر پکی اور سچی توبہ کے لیے......

آیت کریمہ......

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ق اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ.

ترجمہ: اے اللہ! تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تُو ہر برائی سے پاک ہے۔ بے شک میں خود ہی ظلم کرنے والوں میں تھا۔

**(مجھے معاف فرما دیجیے)!!**

کا بے حساب ذکر و ورد کریں۔

بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت اُس کے غضب پر غالب ہے۔

**اِنَّ رَحۡمَتِىۡ وَسِعَتۡ عَلٰى غَضَبِىۡ.** (حدیث قدسی)

اس طرح اللہ کریم نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

**وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمۡ وَهُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ.**

ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ انہیں کیوں عذاب دے اور (حالانکہ) وہ اُس سے بخشش طلب کرنے والے ہوں۔

اگر اب ہم اپنی غلطیوں کی تلافی کرتے ہیں تو انشاء اللہ بچ جائیں گے۔

ورنہ قدرت کا یہ قانون ہے کہ جب کوئی چیز اپنی تخلیق کا مقصد کھو دیتی ہے تو...... ختم ہو جاتی ہے۔

پھر پاکستان کا کیا ہوگا......؟؟؟......نوشتۂ دیوار سامنے ہے!

**''نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے غافل مسلمانو!**
**تمہاری داستان تک بھی نہ ہو گی داستانوں میں''**

# وطن

میرے عزیزو، میرے رفیقو! وطن ہمارا لہو لہو ہے
خوابِ غفلت سے اب تو جاگو، وطن ہمارا لہو لہو ہے
وطن کو برباد کر رہے ہیں، وطن کے قاتل وطن کے دشمن
ایمانی قوت سے اُن کو روکو، وطن ہمارا لہو لہو ہے
کہیں یہ جھگڑے، کہیں یہ فرقے، کہیں ہے نفرت کہیں عداوت
خدارا اب تو سب ایک ہو جاؤ، وطن ہمارا لہو لہو ہے
نبی کی سنت پر چل کر دیکھو، غالب جہاں تم ہی ہو گے
پیروی کفر کی اب تو چھوڑو، وطن ہمارا لہو لہو ہے
کہیں یہ انسان مر رہے ہیں، کہیں یہ زندہ جل رہے ہیں
خزاں رسیدہ ہے سارا گلشن، چمن ہمارا لہو لہو ہے
اٹھو اور بچا لو وطن کو اپنے، ابھی بھی وقت باقی ہے احمد
امن یہاں پر جل رہا ہے، وطن ہمارا لہو لہو ہے

احمد بلال
ایم اے (انگلش)، گوجرانوالہ

# ایک دردمند پاکستانی کی دردمندانہ اپیل

ڈاکٹر سلطان بشیر محمود
(ستارۂ امتیاز پاکستان)
اٹامک سائنٹسٹ انجینئر

اے اہلِ وطن! عذاب در عذاب آ رہے ہیں!!!

## ’’اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آ جاؤ‘‘

شروع دن سے پاکستان پر یکے بعد دیگرے جو مصائب آ رہے ہیں کبھی سوچا کہ کیوں آ رہے ہیں؟؟

قرآن کریم کی سورۃ الروم آیت نمبر ۴۱ میں اس سوال کا جواب ہے:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِى النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِىْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ.

ترجمہ: خشکی اور تری میں فساد برپا ہو گیا۔ لوگوں کی اپنے ہاتھوں کی کمائی کی وجہ سے، تاکہ وہ (اللہ تعالیٰ) انہیں مزہ چکھائے ان کے بداعمال کا، شاید کہ وہ باز آ جائیں۔

**یعنی عذابوں کی وجہ ہم خود ہیں۔**

ان کی نوعیت کے متعلق سورۃ العنکبوت آیت نمبر ۴۰ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْبِهٖ ج فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ج وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ.

ترجمہ: ہم نے ہر ایک کو اُس کی کرتوتوں کی سزا دی۔ بعض پر پتھروں کا مینہ برسایا۔ کسی کو کڑک نے آ لیا۔ بعض کو زمین نگل گئی اور بعض کو ہم نے ڈبو دیا۔ ہم نے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ اپنی تباہی کی وجہ وہ خود ہی تھے۔

سن لو! جو لوگ ابھی تک ان فتنوں سے محفوظ اپنے گھروں میں خوش ہیں اُن کے لیے سورۃ الانفال آیت نمبر ۲۵ میں تنبیہ (warning) ہے۔

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ج وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ.

ترجمہ: اور ڈرو اُس فتنہ سے جو صرف خاص لوگوں تک محدود نہ رہے گا جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ہے (بلکہ سب کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا) یاد رکھو اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔

**محترم بھائیو اور بہنو!**

قرآن کریم کی مندرجہ بالا اور اسی طرح کی دوسری آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان پر جو عذابی حالت ہے وہ ہمارے کرتوتوں پر قدرت کا ردّ عمل ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے وارننگ اور عذاب ہے کہ ہم ان سے سبق سیکھیں اور اس کی مقرر شدہ روحانی، اخلاقی، معاشرتی اور دینی حدود کو جو ہم بلا دھڑک توڑتے ہیں۔ اس سے باز آ جائیں۔ اگر ہم باز نہ آئے تو عذابوں کا یہ سلسلہ یونہی چلتا جائے گا۔ اور بالآخر ایسی چنگھاڑ ہو گی جو سب کچھ راکھ کر دے گی۔

اس کے متعلق سورۃ الانعام کی آیت نمبر ۴۵ میں خوفناک وارننگ ہے کہ

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا.

ترجمہ: پس جڑ سے کاٹ دیا ظالم قوم کو۔

**افسوس!!!**

کہ ہم آج کل کا دانشور اُن فتنوں کا تجزیہ طبیعیات کی زبان سے کرتا ہے اور وہیں اُٹک جاتا ہے۔ زلزلے آئے تو کہا......

**ہمالیہ کی پلیٹیں ہل گئیں تھیں۔**

تباہ کن سیلاب آیا تو اس کی وجہ......

**گرمی اور مون سون کی شدت سے جوڑ دیا۔**

اندھے قتل ہو رہے ہیں تو......

**اندرونی اور بیرونی سازشوں کو ذمہ دار قرار دیا۔**

یوں ان کی عقل مادیات میں پھنس کر رہ گئی ہے۔ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں سورۃ الانعام آیت نمبر ۴۳ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ

# شہر آشوب

از
شفقت ثناء مظہر
(ایم اے اردو، پنجاب یونیورسٹی)

معنی و مفہوم

شہر آشوب کے لغوی معنی ہیں ''شہر کے لیے فتنہ و ہنگامہ'' یا شہر میں فتنہ برپا کرنے والے۔ اصطلاح میں اس نظم کو کہتے ہیں جس میں مختلف حیثیتوں اور طبقوں سے تعلق رکھنے والوں کا ذکر ہو۔

ڈاکٹر سیّد عبداللہ کے الفاظ میں شہر آشوب وہ نظم ہے جس میں ''شہر یا ملک کی اقتصادی یا سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہو یا شہر کے مختلف طبقوں کی مجلسی زندگی کے کسی پہلو کا نقشہ مزاحیہ، طنزیہ، یا ہجویہ انداز میں کھینچا گیا ہو۔''

ظاہری ہیئت

شہر آشوب کے لیے کوئی ایک ہیئت مقرر نہیں۔ ہر ہیئت میں شہر آشوب لکھے گئے۔ بعض شعرا کے ہاں آشوبیہ غزلیں بھی ملتی ہیں۔ شہر آشوب میں شاعر کا انداز ہمدردانہ یا طنز و تضحیک اور ہجو کا ہوتا ہے۔ بعض اوقات شہر آشوب مرثیے اور نوحے کے انداز میں لکھے جاتے ہیں، بعض شہر آشوب میں لفظی رعایتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

موضوعات

شہر آشوب کے موضوعات میں بڑا تنوع ہے۔ جوں جوں شہر آشوب نے ترقی کی اس کے مفہوم و موضوع میں بھی وسعت آتی گئی۔ اس صنفِ شعر کے موضوعات حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ لڑکیوں کا حسن و جمال جو باعثِ فتنہ ہو۔
۲۔ شہر یا ملک کی بربادی ۳۔ کاریگروں اور اہلِ حرفہ کی بیروزگاری
۴۔ شہر کی اقتصادی بدحالی ۵۔ سیاسی ابتری اور اِنتشار

## آغاز و اِرتقاء

قدیم ترکی اور فارسی ادب میں شہر آشوب کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں۔ محمد شاہ کے عہد میں سیاسی اور ملکی انتشار و ابتری کے نتیجے میں اُردو میں بڑی کثرت سے شہر آشوب لکھے گئے۔

ابتدائی دَور میں شاکر ناجی، کمترین، خاتم، قائم نے شہر آشوب لکھے۔ شاکر ناجی کے شہر آشوب میں نادر شاہی حملے، دہلی کی بربادی اور ہندوستان کی فوج کی بزدلی کا ذکر ہے۔ سوؔدا اور میرؔ نے اس کی تقلید کی۔ سوؔدا کے ایک شہر آشوب کی ہیئت، قصیدے کی ہے اور دوسرے کی مخمس کی۔ اس میں عوام کی بیزاری، بیروزگاری، قلت معاش اور دہلی کی بربادی کا ذکر ہے۔ میرؔ اور سوؔدا کے شہر آشوب اپنے زمانے کی سیاسی فضا کی کامیاب عکاسی کرتے ہیں۔ نظیر اکبر آبادؔی کے شہر آشوب میں آگرے کی بدحالی، فوج کی حالتِ زار، عمارتوں اور باغوں کی تباہی و بربادی کا مقامی زبان میں خوبصورت نقشہ کھینچا گیا ہے۔ نظؔیر کے لہجے میں دردمندی جھلکتی ہے۔ راسخ عظیم آبادی، شفیق اورنگ آبادی، سیّاح حسرت اور میر حسن نے متعدد شہر آشوب لکھے۔

ارتقائی دور

۱۸۵۷ء کے ناکام انقلاب کے بعد شہر آشوب کی ہیئت اور موضوعات میں کئی تبدیلیاں آئیں۔ شہر آشوب میں طنز اور ہجو کی جگہ مرثیے اور نوحے کا رنگ غالب آ گیا۔ اس دور کے دو کتابی مجموعے ''فغان دہلی'' (مرتبہ محمد تفضّل حسین کوکبؔ) اور ''انقلاب دہلی'' کے نام سے شائع ہوئے۔ دہلی کے متعلق شہر آشوب لکھنے والوں میں آرزو دہلوی، تشنہ، سالک، سوزاں، ظہیر، عیش، کامل، مبین، محسن، داغ، غالب، حالی وغیرہ نمایاں ہیں۔ ان شعرا نے دہلی کی عظمت اور انقلاب کی ہمہ پہلو تباہ کاری و بربادی کی داستانوں کو موضوعِ سخن بنایا ہے۔ یہ غم نامے دہلی کی تہذیب و معاشرت کے مرثیے ہیں مگر ہر شاعر کا انفرادی تاثر جدا ہے۔

کوئی بادشاہت کے خاتمے پر رو رہا ہے، کسی کو احباب کے بچھڑنے کا زیادہ غم ہے، کسی کو دلّی کی علمی شخصیات اور مجالس کے خاتمے کا رَنج ہے، کسی کو دلّی کی تاریخی عمارات اور یادگاروں کی تباہی کا قلق ہے۔ غرض ہر شہر آشوب شاعر کے ذاتی رجحانات کا آئینہ دار ہے اور اسی نسبت سے اس کے لہجے اور زبان و بیان میں تنوع ہے۔ (بقیہ صفحہ نمبر ۳۰ پر......)

نگاہِ عشق و مستی میں وہی اوّل وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسین وہی طٰہٰ
کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

## حاصلِ کلام

الغرض اقبال نے عشق کو عناصر خمسہ کا مجموعہ قرار دیا ہے۔جس کی بدولت زندگی اور حیات جاوید کا اسرار انسانی زندگی میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔عشق کی بدولت انسان خدا کو اور اللہ کی اطاعت حاصل کرتا ہے اور سب سے بڑھ کر دامنِ مصطفیٰؐ ہی سب سے بڑا وسیلہ اور مرکز ہدایت ہے جس سے زندگی کے تمام فیض و کرم حاصل ہوتے ہیں۔یہی راہِ نجات ہے اور سرچشمہ حیات ہے۔

اقبال نے کہا کہ شیطان اپنے چیلوں کو حکم دیتا ہے۔

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روحِ محمدؐ اس کے بدن سے نکال دو

## منتخب اشعار

عشق جب سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی
کھلتے ہیں غلاموں پر اسرارِ شہنشاہی
بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی
لوح بھی تُو قلم بھی تُو تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب
کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں
نگاہِ عشق و مستی میں وہی اوّل وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسین وہی طٰہٰ
قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسمِ محمدؐ سے اجالا کر دے

## بقیہ: شہر آشوب

تاہم دہلی شہر سے محبت کا گہرا جذبہ سب کے ہاں موجود ہے۔ان شہر آشوبوں سے پتہ چلتا ہے کہ دہلی پر قبضے کے بعد انگریزوں نے کس طرح دہلی کو تاراج کیا۔شرفا ذلیل ورسوا ہوئے۔محبِّ وطن لوگوں کو قتل کیا گیا۔شاہی خاندان کے افراد شہر سے نکل کر جائے امن کی تلاش میں دربدر کی ٹھوکریں کھاتے پھرے۔

ان تمام شہر آشوبوں میں داغ کا شہر آشوب انفرادی خصوصیت کا حامل ہے اور زبان و بیان کی خوبی اور اثر انگیزی کے لحاظ سے بے نظیر ہے۔

حالی کے شہر آشوب ''مدوجزرِ اسلام'' اور ''شکوۂ ہند''۔اسماعیل میرٹھی کا قصیدہ عبرت ''نوائے زمستان'' اور ''قلعہ اکبر آباد''، اور شبلی کا شہر آشوب ''اسلام'' زیادہ اہم ہیں۔

**جدید دَور**

جدید دَور میں شہر آشوب نہیں لکھا جاتا مگر سیاسی اور اقتصادی موضوعات پر لکھی جانے والی اکثر نظمیں شہر آشوب کے ذیل میں آتی ہیں۔تقسیمِ ہندوستان اور پھر سقوطِ مشرقی پاکستان کے نتیجے میں جو قتل و غارت، بیروزگاری، اقتصادی پریشانی اور انتشار، ابتری کی کیفیات پیدا ہوئیں، جدید شعرا نے اپنے اپنے انداز میں اُن پر نظمیں لکھیں۔اس لحاظ سے انہیں بھی شہر آشوب کا نام دیا جاسکتا ہے۔

چند مثالیں

ماریں ہیں ہاتھ ہاتھ پہ سب یاں کے دستکار
اور جتنے پیشہ دار ہیں روتے ہیں زار زار
کوٹے ہے تن لوہار تو پیٹے ہے سر سنار
کچھ ایک دو کے کام کا رونا نہیں ہے یار
چھتیس پیشے والوں کا ہے کاروبار بند
(نظیر اکبر آبادی، مخمس شہر آشوب)

کالج یہاں پہ جتنے ہیں لاجواب ہیں — اسکول بھی ہمارے یہاں بے حساب ہیں
بیکار کچھ ہیں بعض حماقت مآب ہیں — بیکار مدرسے ہیں مکاتب خراب ہیں
بڑھ کر ہے جامعہ نواز اندیشہ گماں
(شریر بن باسی کا شہر آشوب، لکھنؤ کے بارے میں)

عشق دم جبرئیل عشق دل مصطفیٰ
عشق خدا کا رسول عشق خدا کا کلام

اس خیال کو مزید بڑھاتے ہوئے کہتے ہیں کہ عمل سے زندگی کا ہنگامہ ہے ورنہ جمود موت ہے۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

۴۔ فقر

عشق کا اخلاص فقر کا مجموعہ ہے۔ فقر تنگدستی نہیں بلکہ استغنا ہے، جس سے خودی کی تعمیر ہوتی ہے۔ فقر عشق کا عنصر ہے اس لیے اقبال کہتے ہیں کہ راہِ جذب سے آنے والوں اور راہِ سلوک کے مقابلہ میں زیادہ جلدی منزل طے کرتے ہیں کیونکہ یہ عشق کے شہسوار ہوتے ہیں۔

یہ دنیا کے مال و دولت سے بے نیاز ہوتے ہیں اور جب مردِ مومن دنیا کے مال و دولت سے بے نیاز ہوتا ہے تو وہ معرفتِ الٰہی حاصل کرتا ہے جو صرف فقر کی دولت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ وہ دنیا کے مال کی حرص نہیں رکھتے۔ یہی فقر جس کی بنیاد اور اُس کا استحکام خودی کے استحکام میں ہے یہی عشق کے عناصر کا مجموعہ ہے جس کی بدولت عشق مصطفیٰ حاصل ہوتا ہے اور اطاعت الٰہی اور اطاعت نبیؐ نصیب ہوتی ہے۔

میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

(طاعت نبی کی، طاعت خدا کی)

۵۔ حضوری

اقبال کے نزدیک یہ وہ جذبہ ہے جو نہ تو علم سے حاصل ہوتا ہے اور نہ عقل کے توسط سے ملتا ہے۔ یہ اگر حاصل ہوتا ہے تو صرف عشق سے حاصل ہوتا ہے۔ اقبال کہتے ہیں:

اگر حسن عشق ہے تو عشق یقین
اگر حسن محفل ہے تو عشق ہنگامہ محفل
اگر حسن زلف ہے تو عشق اس کی پریشانی
اگر حسن آئینہ ہے تو عشق اس کا پرتو

یہی وجہ ہے کہ عشق بغیر حضوری ممکن نہیں۔

عقل گو آستاں سے دور نہیں اس کی تقدیر میں حضور نہیں
زندگی ہے اس کی موت کا راز زندہ ہے تو بے حضور نہیں
دل بینا بھی کر خدا سے طلب آنکھ کا نور دِل کا نور نہیں
علم میں بھی ہے سرور لیکن یہ وہ جنت ہے جس میں حور نہیں

زندگی کے اسرار و راز صرف حضوریٔ قلب سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ یہ فیض و کرام صرف عشق کی بدولت حاصل ہوتے ہیں اور یہ سب واسطے حضرت محمدؐ کے واسطے اور وسیلے سے نصیب ہوتے ہیں۔

## اقبال اور عشقِ رسولؐ

اقبال کے نزدیک عشقِ رسول و عشقِ مصطفیٰ سرچشمۂ حیات ہے۔ یہ عشق ہی ہے جس کی وجہ سے کائنات کا ظہور و مقصودِ تخلیق ہوا زندگی میں رونق و ہنگامہ صرف اور صرف عشق مصطفیٰؐ کی بدولت ہے۔

اقبال جب زندگی کے مظاہر اور دنیا کے تمام انوار و مظاہر پر غور و فکر کرتے ہیں تو سب میں عشق مصطفیٰ سرگرداں دکھائی دیتا ہے اور یہ سب ان کے کرم و فیض کی بدولت ہے۔

اقبال کا دل عشق مصطفیٰؐ سے لبریز ہے وہ جب ان کا ذکر کرتے ہیں تو آبدیدہ ہو جاتے ہیں۔ وہ مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ عشقِ مصطفیٰ بحرِ بے کنار ہے۔ اسی سمندر میں اپنی زندگی کو آب دار کر لو۔

ذکر و فکر و عمل و عمر فانم توئی کشتی و بحر و طوفانم توئی

اقبال کہتے ہیں کہ میرا ذکر بھی آپؐ ہیں اور فکر بھی میرا آپؐ کی ذات پاکؐ کا طواف کر رہا ہے۔ میری کشتی بھی آپؐ، سفینۂ حیات بھی آپؐ اور طوفان میں میرے گوہر مراد بھی آپؐ ہیں، آپؐ سے ہی میری زندگی کے مرکز و فکر میں یقین ہے۔ یہی عشق کی لہر وہ مسلمانوں میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ یہی سرمایۂ حیات ہیں۔

لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب
گنبد آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب
شوق اگر تیرا نہ ہو میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب

# اقبالؒ اور عشقِ رسولؐ

مسز فوزیہ عظیم
ایم اے اُردو، اسلامیات، ایم ایڈ

**عشق کی وضاحت**

اقبال کے نزدیک عشق ایسا جذبہ نہیں جو فکر وعمل کی صلاحیتوں کو مفلوج کر دے اور نہ ایسا جذبہ ہے کہ جس کی بدولت انسان فرار کی راہ اختیار کرے، بلکہ عشق ایسا جذبہ ہے جو اپنی قوت عمل سے انسان کی زندگی میں انقلاب برپا کر دے۔

عشق کا جذبہ جب انسان کے وجود میں سرایت کر جاتا ہے تو اُس کے فکر وعمل کے دھاروں کو بدل دیتا ہے اور اگر اس کا پرتو اجتماعی زندگی پر ہو تو نہ صرف انسانی زندگی کے فکری عوامل کے دھاروں کو بدل دے بلکہ اُن کی زندگی میں انقلاب برپا کر دے۔

عشق جب سکھاتا ہے آداب خود آگاہی
کھلتے ہیں غلاموں پر اسرارِ شہنشاہی

اقبال نے عشق کو عناصر خمسہ کا مجموعہ کہا ہے، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ اخلاص

اقبال کے نزدیک عشق عناصر خمسہ کے وجود سے زندگی میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس کا پہلا عنصر اخلاص ہے۔

اخلاص دل کی اس کیفیت کا نام ہے جس میں انسان اللہ کی بندگی میں اس طرح یکسوئی اختیار کر لیتا ہے کہ اُس کا ظاہر وباطن یہاں تک کہ اُس کا قول وفعل، جینا مرنا صرف اللہ تعالیٰ کی ذات باری تعالیٰ کے لیے خاص ہو جاتا ہے اور وہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ سے اور اللہ تعالیٰ کو اپنا ملجا و ماوا و کارساز سمجھتا ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوا:

لِيَعْبُدِ اللّٰهِ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ

اللہ تعالیٰ کی بندگی اس طرح کریں کہ اس کے لیے دین کو خالص کر لیں۔

اور جگہ ارشاد ہوا: ''بے شک میری نماز، میری قربانی، میرا جینا، میرا مرنا صرف ذات رب کے لیے جو تمام جہانوں کا رَب ہے۔''

اقبال کے نزدیک عشق کا پہلا عنصر ہی اخلاص ہے اور عشق ہی کی بدولت وہ اطاعت الٰہی پر کاربند ہو سکتا ہے۔

اقبال کہتے ہیں:

صدقِ خلیلؑ بھی ہے عشق صبر حسینؓ بھی ہے عشق
معرکہ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

۲۔ یقین

اقبال نے یقین کو عشق کے عناصر میں دوسری حیثیت دی ہے۔ اگر یقین نہ ہو تو عشق نہ ہو۔ اقبال نے وجود ابراہیمؑ کو عشق کا درجہ اوّل قرار دیا ہے بلکہ عشق کا وجود ابراہیمؑ کی مثال ہے۔ یہ عشق ہی تھا جس نے آگ کو گل وگلزار کر دیا۔ عشق کی منزل ہی یقین ہے۔

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

اگر یقین کامل نہ ہو تو یہ معرکہ آرائی نہ ہو، ہنگامہ آرائی نہ ہو۔ عشق کا دوسرا نام یقین محکم ہے۔ یہی قوت مردِ مومن میں قوت وجوش بھر دیتا ہے اور دنیا میں انقلابی روح پھونک دیتا ہے اور تقدیر بدلنے میں اس کا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔ تقدیریں نئی آجاتی ہیں اور پرانی بدل دی جاتی ہیں۔ یہ صرف مردِ مومن کے یقینِ کامل کی مرہونِ منت ہوتی ہے۔

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

۳۔ عمل

اقبال کے نزدیک عشق یقین عمل کا دوسرا نام ہے۔ عمل ایک کیفیت ہے۔ علم کی بناء شک اور عمل کی بناء یقین ہے۔ علم ماضی وحال کی توجیح پیش کرتا ہے جبکہ عمل مستقبل کی تخلیق کرتا ہے۔ عشق کی کارفرمائی عمل کے بغیر ناممکن ہے۔ یہی جذبہ جو زندگی کے جمود کو حرکت دیتا ہے اس کے بغیر تصور یقین کامل نہیں ہوتا۔

مردِ خدا کا عمل عشق سے صاحب فروغ
عشق ہے اصل حیات موت ہے اس پر حرام



# حسن بالوں میں جھلکتا ہے

محترمہ پروین وتہ

صحت وحسن میں بالوں کی آرائش کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔مشرق میں گھنے، لمبے، چمک دار بال حسن کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔عرصہ دراز سے ہر عمر کی خواتین اپنے گیسو کی افزائش وحفاظت کے لیے مختلف اقسام کے شیمپو، کنڈیشنر اور تیل کا استعمال کرتی ہیں۔مگر ایسی اشیاء کا بغیر سوچے سمجھے یا ماہرین سے مشورہ کیے بغیر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

قدرتی عناصر مثلاً سورج کی تیز روشنی، خشک اور ٹھنڈی ہوا یا انتہائی گرم ہوا، نمکیات سے بھرپور پانی بال گرنے کا سبب بنتے ہیں۔اس کے علاوہ تل، کنگھی کا غلط استعمال، بال بڑھانے کے تیز کیمیکل یا نت نئے شیمپو کنڈیشنر بالوں کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں۔بالوں کی حفاظت کے لیے بالوں کو سمجھنا اور ان کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ایک مفروضہ عام ہے کہ بال بار بار کٹوانے سے گھنے نکلتے ہیں، اس امر کی کسی بھی طرح تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔

بالوں کے روزانہ گرنے کی تعداد ۲۰ سے ۱۰۰ ہے، لہٰذا اپنے کنگھے یا برش میں اتنے بالوں کی تعداد دیکھ کر قطعی پریشان نہ ہوں کیونکہ یہ تعداد نارمل ہے۔ بالوں کی افزائش کے لیے ہفتے میں ۲ سے ۳ بار شیمپو کرنا ضروری ہے۔مگر شیمپو سے پہلے ان کو سلجھا لینا بہتر ہوتا ہے۔گیلے بال نرم ہوتے ہیں اور کنگھی سے ٹوٹ جاتے ہیں۔شیمپو آہستہ آہستہ انگلیوں کی مدد سے تمام بالوں میں پھیلائیں، پھر تازہ پانی سے دھولیں۔گرم پانی بال کمزور کردیتا ہے۔بال تولیے سے نہ رگڑیں، بلکہ آہستگی سے جذب کریں اور تازہ ہوا میں بال سکھائیں۔ لمبے، گھنے بال خوبصورتی کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔ذرا سی دیکھ بھال سے ان کی خوبصورتی برقرار رہ سکتی ہے۔

## بالوں کی اقسام اور ان کی حفاظت

بال مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔ان کی حفاظت کے بنیادی طریقے مثلاً کنگھی، برش، شیمپو، کنڈیشنر، سب اہمیت کے حامل ہوتے ہیں مگر بالوں کی اقسام کے لحاظ سے شیمپو اور کنڈیشنر الگ الگ ہوتے ہیں۔تیل، شیمپو، کنڈیشنر وغیرہ بالوں کی غذا ہیں۔ہم آپ کو ان کا استعمال بالوں کی ساخت کے مطابق بتاتے ہیں۔

### نارمل بال

یہ نہ زیادہ سخت نہ نرم وملائم ہوتے ہیں اور نہ ہی زیادہ چکنے ہوتے ہیں۔ آپ چاہیں تو سرسوں کا تیل تین حصے، کسٹر آئل ایک حصہ ملا کر بالوں میں لگائیں۔نارمل شیمپو سے بال دھوئیں۔کنڈیشنر کے طور پر دو عدد کیلوں کو پھینٹ لیں۔اس میں ایک چائے کا چمچہ عرقِ گلاب شامل کر کے لگائیں۔ تقریباً چالیس منٹ بعد شیمپو کرلیں۔بعض خواتین مہندی بھی استعمال کرتی ہیں، یہ بھی بہترین قدرتی کنڈیشنر ہے۔

### خشک اور کھردرے بال

یہ سخت اور بے رونق ہوتے ہیں۔خشکی دور کرنے کے لیے کسٹر آئل اور زیتون کا تیل ہم وزن لے کر ملائیں، پھر اسے بالوں پر لگائیں۔نیم گرم پانی سے بال دھوئیں۔مہندی، کافی، دہی اور انڈا بال ملائم کرتا ہے۔اگر آپ چاہیں تو اس مرکب میں ایک چائے کا چمچہ زیتون یا سرسوں کا تیل بھی ملا سکتی ہیں۔ اسے تقریباً پینتالیس منٹ بالوں پر لگائیں اور بعدازاں اچھے آئیلی شیمپو سے دھولیں۔دودھ اور کھیرے کے آمیزے کا کنڈیشنر بالوں کو قدرتی نمی فراہم کرتا ہے۔دودھ سے بال نرم اور ملائم ہوجاتے ہیں۔

### چکنے اور نارمل بال

ایسے بالوں میں چکناہٹ نظر آتی ہے۔ان کے لیے کوکونٹ آئل یا تلوں کا تیل موزوں ہے۔اگر آپ کے بال چکنے اور نارمل ہیں تو آملے، ریٹھے اور سکاکائی سے بال دھوئیں۔اس کے علاوہ چائے کی پتی پانی میں پکائیں۔اسے چھان کر ٹھنڈا کریں پھر اس سے بال دھوئیں۔اسی فیصد چکناہٹ دور ہوجائے گی۔مالٹے کا رس کنڈیشنر کے طور پر استعمال کریں۔

(بقیہ صفحہ نمبر ۳۴ پر......)

حدیث اللہ نے عطا کیا، اللہ نے اطاعت وفرمانبرداری عطا کی۔ خود بھی فیض حاصل کر رہی ہیں اور آگے صدقۂ جاریہ، چشمۂ رشد و ہدایت کو تقسیم کر رہی ہیں۔

فرمایا کہ ایسوں پہ ضرور رشک کرنا چاہیے کہ ''اللہ نے ہماری باجی کو اتنا چھوٹا مدرسہ عطا کیا ہم اس سے بڑا مدرسہ بنائیں گے۔ ہم دو مدرسے بنائیں گے۔ باجی نے دو کلاسیں پڑھائی ہیں ہم چار پڑھائیں گے۔ انہوں نے اتنے لوگوں کو ذکر سکھایا، ہم اس سے زیادہ کو سکھائیں گے۔ انہوں نے اتنی معلّمات تیار کیں، ہم ان سے زیادہ معلّمات تیار کریں گے۔ انہوں نے اتنے لوگوں کو تعلیم دی، ہم اس سے زیادہ لوگوں کو تعلیم دیں گے۔

تو اس کو کہتے ہیں، رشک کرنا۔

وسیع رزقِ حلال......!!

اور دوسرا فرمایا، اس خوش نصیب پر بھی رشک کرنا جائز ہے جس کو اللہ نے دنیا کا مال دیا ہے اور وہ خود بھی اس سے فیض یاب ہوتی ہے یا ہوتا ہے اور آگے مخلوق کو بھی۔

میری بات کو ذرا سمیٹ لیں تاکہ پھر......دخترانِ اسلام! میں عرض کر رہا ہوں دو لوگوں پہ رشک کرنا چاہیے۔ ایک وہ جنہیں اللہ نے علم دیا اور وہ علم آگے تقسیم کرتے ہیں۔ دوسرے وہ خوش نصیب جن کو اللہ نے دنیا کی نعمتیں دی ہیں، دولت دی ہے، وہ خود بھی فیض یاب ہوتے ہیں اور آگے مخلوق کو بھی اس سے فیض یاب کرتے ہیں۔ یتیموں کے لیے آسرا بنتے ہیں، بیواؤں کا سہارا بنتے ہیں۔ محتاجوں، مسکینوں، ضرورت مندوں، حاجت مندوں کی مدد کرتے ہیں۔ وہ اللہ کے دین کی خدمت کرتے ہیں، مساجد آباد کرتے ہیں، مدارس بناتے ہیں، وہ نیکی اور ہدایت کے لیے نشر واشاعت کا کام کرتے ہیں۔ کتابیں لکھتے لکھاتے ہیں۔ تو یہ دو ایسی جگہیں ہیں۔

تو حسد کا کیا علاج ہوا؟......رشک......حدیث میں ''غِبْطَہ'' کا لفظ اس کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یعنی حسد کی بجائے رشک کرو۔ تو یہ شیطان کا خطرناک حملہ کیونکہ اگر کوئی اس حملے کا شکار ہو جائے تو اس حسد میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ پھر اس سے دنیا کا ہر عمل بدعمل ہو جاتا ہے۔ ہر گناہ، ہر ظلم جو ہے وہ اس کی جڑ اور بنیاد بن جاتا ہے۔ یہ شیطانی حملہ ہے۔ دوسرے نمبر پر فرمایا، شیطان جو کھلا دشمن ہے بدترین، انسان پہ حملہ کرتا ہے۔ دوسرے حملے کا نام لالچ حرص ہے۔

تنوں حرف طمع دے یارو تنوں نقطیوں خالی
خالی نال پہناوا میرا میں وی رہ گئی خالی

تو یہ لالچ، طمع اور حرص للچائی ہوئی نظریں جو ہیں، ایک اعتبار سے دیکھیں تو حسد بھی یہ لالچ ہی کی پیداوار ہوتا ہے۔ انسان کو اپنی نعمت نظر نہیں آتی دوسرے پر دھیان ہوتا ہے۔ یہ بھی مل جائے، یہ بھی مل جائے......دنیا کے تمام مدبرین اور دانشوروں میں ایک بات مشترک ہے۔ وہ نبیوں نے کہی، رسولوں نے کہی، دانشوروں نے کہی کہ دنیا میں سب سے امیر ترین شخص جو ہے، غنی ترین شخص جو ہے، وہ وہ ہے جو قناعت پسند ہے۔

لہٰذا ہمیں حسد سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے۔ (جاری ہے) ❖

بقیہ: **حسن بالوں میں جھلکتا ہے**

گاجر کا عرق بھی آپ کے بال چمکدار بنا دے گا۔ یہ تمام نسخے موزوں، کم خرچ اور کارآمد ہیں۔ قدرتی اجزاء میں جو شفا ہے وہ بازاری اشیاء میں نہیں۔ تیل رات میں لگائیں تو بہتر ہے۔ ہفتے میں دو تین بار تیل ضرور لگائیں۔

بال ہماری زندگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ بالوں کا تعلق ہماری جسمانی صحت سے ہے۔ اگر آپ تندرست ہوں گے تو بال بھی صحت مند ہوں گے۔ زندگی کے طور طریقوں، کھانے پینے کی عادات، جسمانی اور ذہنی کیفیات بالوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ تیل یا شیمپو تو بالوں کی خوبصورت دوبالا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ بال لمبے اور گھنے نہیں کرتے۔ البتہ غذا میں مناسب مقدار میں پروٹین بالوں کی نشوونما، ناخنوں کی چمک اور عمومی صحت کے لیے نہایت اہم ہے۔ بے شک فطری اصولوں میں قدرت نے رازِ حیات پوشیدہ رکھے ہیں اور نباتات انسانی صحت کا خزانہ ہیں۔ جڑی بوٹیوں میں تمام امراض کے لیے یقینی شفا موجود ہے۔ اپنے بالوں کی حفاظت قدرتی اجزا سے کریں تو بال مزید خوبصورت ہوں گے۔

✡

مر گیا ہے، سب کے سارے مر جائیں۔ میرا نقصان ہو گیا ہے، اللہ کرے سب کے کاروبار کو آگ لگ جائے۔ تو اس طرح یہ شیطانی حملے میں حملہ ہو جانا جو ہے یہ اتنا خطرناک نہیں جتنا اس کا شکار ہو جانا، پھر جو اس کا مقابلہ نہ کرنا اور اس کے اشارے پر چل پڑنا یہ زیادہ خطرناک ہے۔

**علاج ممکن ہے**

دخترانِ اسلام! یہ انسانی کمزوری ہے، انسان ذرا سا غافل ہوا، شیطان فوراً حملہ کر دیتا ہے۔ جو حملے میں پھنس جائے اور شکار ہو کر حسد میں مصروف ہو جائے تو اس کا علاج یہ ہے کہ تم حسد کی بجائے فوراً رشک شروع کر دو، حسد نہ کرو۔

رشک یہ ہے کہ......

اے اللہ! تو نے اتنی بڑی نعمت اس کو دی ہے، اس کو بیٹا دیا، بیٹے دیے، اسے گھر بار دیا، اسے کاروبار دیا، اس کو علم دیا، اس پر فلاں فلاں کرم نوازیاں کیں۔ یا اللہ! تو بڑا غفور الرحیم ہے۔ جو نعمتیں اس کو دی ہیں یہ بھی سلامت رہیں اور اپنے اس کرم کا واسطہ جو تو نے اس پہ کیا ہے مجھے بھی تو یہ سب کچھ عطا کر دے۔ یہ رشک ہے۔ یہ اس حملے کا علاج ہے۔

**اس کے برعکس!**

اور اگر انسان یہ کہے کہ میں تو کر ہی نہیں سکتا، مجھے تو مل ہی نہیں سکتا، مجھے تو ملنا ہی نہیں ہے۔ بہر حال اس کے پاس سے بیڑا غرق ہو جائے، اس کے پاس سے یہ رشتے ضائع ہو جائیں......

یاد رکھیں! اس سے ضائع ہوں یا نہ ہوں لیکن جو دوسرے سے حسد کرتا ہے اللہ کریم فرماتا ہے، میں اس بندے کے لیے وہ نعمت ہمیشہ کے لیے حرام کر دیتا ہوں، اسے سلب کر لیتا ہوں۔

ساری دنیا کو بیٹے ملیں گے، سکوٹر ملیں گے، علم ملے گا، کامیابی ملے گی، اس کو یہ نہیں لینے دیں گے۔ اور فرمایا، جو رشک کرتا ہے اس حملے کا علاج کر لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دے گا، فرشتو! لکھ لو، اس نے جب میں نے کسی کو نعمت دی تھی، عزت برکت دی تھی تو اس نے رشک کیا ہے۔ خوش ہوا ہے لہٰذا یہ مرنے سے پہلے پہلے اس کو یہ نعمت ضرور عطا کرنا۔ بات سمجھ میں آ گئی۔

**طبقۂ علماء**

حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے فرمایا، کثیر تعداد میں علماء جہنم میں جائیں گے حسد کی وجہ سے۔

اس کے پاس زیادہ لوگ نماز پڑھنے جاتے ہیں، اس کے لوگ زیادہ ہاتھ چومتے ہیں۔ اس کو دیکھو! زیادہ نذرانے لے رہے ہیں۔ اس کا زیادہ اونچا اشتہار لگا ہے۔ اس کے نعرے زیادہ لگ رہے ہیں۔ اس کے شاگرد زیادہ ہیں۔ اس کے مرید زیادہ ہیں۔ اس کی نیکیاں زیادہ ہیں۔ اس کو فلاں یہ اور وہ بس......!

حسد شروع ہو جاتا ہے، پھر سازشیں شروع ہو جاتی ہیں، اس کی ٹانگیں کھینچنے کے لیے Leg pulling شروع ہو جاتی ہے، ہارٹ برننگ (Heart-burning) شروع کر دیتے ہیں۔ پگڑیاں اچھالنا شروع کر دیتے ہیں۔ کپڑے اتارنا، دوسروں کی عزتیں اچھالنا شروع کر دیتے ہیں۔

اللہ جانے کہ ایسی ایسی سازشیں ہوتی ہیں، رشتہ داروں میں دیکھ لیں، حسد کی وجہ سے کہ ہمیں رشتہ نہیں دیا:

''اوہدا منڈا مر جائے، اوہدی کڑی مر جائے، فیر اوہنوں گھرک پوئے۔'' یعنی ایسی ایسی عجیب ''چالیں'' دوسروں کے لیے وہ شروع کر دیتے ہیں، ہمیں نہیں ملی کسی کو کوئی شے نہ ملے۔

اور پھر اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟......وہ جس سے حسد کیا جاتا ہے اس کی ہر خوبی سے انسان اندھا ہو جاتا ہے۔ اس کا ہر کمال برا نظر آتا ہے، اس کی ہر نعمت پہ سینہ سڑنا شروع ہو جاتا ہے۔

دشمن حسد کی آگ میں اکثر جلا کرے
وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

تو حسد کا علاج کیا ہے؟......رشک......

**دو خوش نصیب**

حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا فرمانِ عالی شان ہے کہ دو لوگوں پہ کھل کے رشک کرنا چاہیے۔ ایک وہ خوش نصیب جس کو اللہ نے علم دیا ہوا اور وہ اس علم کو تقسیم کرے۔ جس طرح یہ دخترانِ اسلام، جن کو علم قرآن اللہ نے عطا کیا، علم

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ.

اوراس کے دل پراپنی تھوتھنی رکھ کروہ حسد کی خواہشات اس کے اندر ڈالتا ہے،جذبات ڈالتا ہے، بیماریاں ڈالتا ہے۔

حاسد دل......

تو انسان کا جو دل ہے اس میں جب حسد پیدا ہوتا ہے تو دل حاسد ہوجاتا ہے۔دل میں حسد پیدا ہوتا ہے تو دماغ جو ہے وہ اس حسد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے مختلف سازشیں اور پلاننگ شروع کر دیتا ہے۔اور جب دماغ پلاننگ کر لیتا ہے تو ساراجسم اس کو پھرعملی جامہ پہنانے کے لیے ہمہ تن مصروف ہوجاتا ہے۔

حدیث پاک ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے فرمایا:

اِیَّاکُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ یَاْکُلُ الْحَسَنَاتِ کَمَا تَاْکُلُ النَّارَ الْحَطَبَ.

''حسد سے بچو کہ حسد انسان کی نیکیوں کو اس طرح کھاجاتا ہے جس طرح خشک لکڑی کو آگ کھاجاتی ہے۔''

جیسے آگ جل رہی ہو تو جتنی مرضی خشک لکڑیاں پھینکتے جائیں وہ جل کر راکھ ہوجائیں گی، کیونکہ بن کے راکھ بن کے ملیامیٹ ہوجائیں گی۔

روح کا کینسر

حسد ایک ایسی بیماری ہے، ایک ایسا شیطان کا حملہ ہے، ایک ایسی آگ ہے کہ اس میں کل کائنات کی نیکیاں پھینک دیں وہ سڑ کے سواہ ہوجائیں گی۔

شیطان کو آدم علیہ السّلام سے جو بیماری لگی تھی اس بیماری کا نام حسد ہے۔یہ نہیں کہ آدمؑ نے اس کو اینٹ ماری تھی، کوئی روڑا مارا تھا، اس کے گھر چوری ڈاکہ مارا تھا، یا اس کو کوئی نقصان پہنچایا تھا۔اس کی تو آدمؑ سے ملاقات ہی نہیں ہوئی تھی۔جب اللہ نے مٹی سے آدم علیہ السّلام کا جسد خاکی بنایا اور اُس میں روح پھونک دی، وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ. تو اس کو حسد کی بیماری لگی کہ میں آگ سے پیدا ہوا ہوں اور یہ مٹی سے پیدا ہوا ہے اور میں اس سے افضل اور بہتر ہوں۔

کم ظرفی......خود پسندی

حسد کی بیماری اُس وقت آتی ہے جب انسان کسی کی خوبی کو دیکھتا ہے، کمال کو دیکھتا ہے، وصف کو دیکھتا ہے، اُسے اپنے اندر کوئی شے نظر نہیں آتی۔

جب اس کے اپنے اندر پیدا نہیں ہوتی تو وہ کہتا ہے کہ یہ فلاں کے پاس کیوں ہے۔تو یہ سمجھ لیں کہ یہ شیطان کا خطرناک ترین حملہ ہے اور شیطان اُس کی نیکیوں کو ساڑ کے سواہ کرنے کا پروگرام شروع کر چکا ہے۔

پہلی امتوں کی عادتیں

حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام فرماتے ہیں کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ دوسری امتوں کی جو گندی یا بری خصلتیں ہیں وہ میری امت میں اُنڈی ہوئی آرہی ہیں۔اور ان میں حسد کی بیماری شیطان کا وہ حملہ ہے جو سابقہ اُمتوں کو لے ڈوبا۔

دخترانِ اسلام! فرمایا کہ یہ سر کو نہیں بلکہ دین کو مونڈھ دیتا ہے۔انسان بالکل دین سے فارغ البال ہوجاتا ہے۔اس کے اندر سے انسانیت اور دولتِ ایمان سب ملیامیٹ کر دیتا ہے۔

حسد کی وجوہات

حسد کا سبب کیا ہوتا ہے؟ یعنی شیطان جو وسوسہ ڈالتا ہے وہ یہ کہ اُس کو اپنی نعمتیں نظر نہیں آتیں۔اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اسے دیا ہے وہ اس سے اندھا ہو جاتا ہے اور دوسروں کی خوبیاں، کمالات، اور نعمتیں دیکھ کر جل بھن جاتا ہے، اور بغض اور عناد کی آگ میں جلتے ہوئے وہ حسد کی بیماری میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

جو بدنصیب شیطان کے اس حملے کا شکار ہوجاتے ہیں اور حسد میں مبتلا ہو جاتے ہیں، ان کی نیکیاں ضائع ہوجاتی ہیں۔اور جس سے وہ حسد کرتے ہیں، مثلاً کسی کے پاس موٹر سائیکل ہے (حسد ہوگیا کہ میرے پاس سائیکل ہے) اللہ کرے اس کا ایکسیڈنٹ ہوجائے (نعوذ باللہ)۔یہ سوچنا شروع کر دیا۔اس کی موٹر سائیکل چوری ہوجائے اور اس کے پاس کوئی شے نہ رہے۔

تو جب دوسرے کی نعمت اور خوبی دیکھ کر دعا کی بجائے بددُعا نکلے اس کو کہتے ہیں شیطان کا حملہ، یہ حسد ہے۔کسی کو اللہ تعالیٰ نے بیٹیا دیا، سڑ کے سواہ (راکھ) ہوگیا کہ ہمارا نہیں ہے تو اس کا بھی (خدانخواستہ) نہ رہے۔کسی کا بھی نہ رہے۔

میری ماں مرگئی ہے، سب کی مائیں مرجائیں (خدانخواستہ)۔میرا فلاں

کر دیا۔ روئے زمین کے چپے چپے پر میرے سجدوں کو نظر انداز کر دیا۔ اس مٹی کے پتلے کو تو نے نیابت اور خلافت کا تاج عطا کر دیا۔ میں اب انتقام لوں گا۔ اس کا آدم سے بھی اور آدم کی نسلوں سے بھی۔

اس لیے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ کھلا دشمن ہے۔ اس نے اعلان کیا ہوا ہے۔ کچھ مارِ آستین ہوتے ہیں، غدار ہوتے ہیں۔

جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگ آدم، ننگ دین، ننگ وطن

لیکن کچھ ایسے دشمن جو کھلے دشمن ہوتے ہیں اُن میں سرفہرست شیطان ہے۔ جس طرح دنیا میں آپ دیکھتے ہیں جارج ڈبلیو بش یہ بدترین دشمن بنا ہے مسلمانوں کا دشمن ہے۔ اسرائیل دشمن ہے۔ یہودی دشمن ہیں۔ ہندو اور کافر دشمن ہیں۔ علی الاعلان دشمن ہیں۔ کھلم کھلا میدان میں آ کر یہ مسلمانوں کی نسل کُشی کر رہے ہیں۔

تو ایک اور انسان کا ازلی ابدی کھلا دشمن ہے جس کو قرآن نے کہا، اِنَّـهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ. وہ شیطان ہے اور اس کو چیلنج کیا کہ میں تیرے بندوں کو رگڑ دوں گا، تہس نہس کر دوں گا۔ میں ان کا قیمہ کر کے کتوں اور سوروں کے آگے کٹوا کر اور ان کو جہنم کا ایندھن بنا کر ان کو ملیا میٹ نہ کر دوں تو پھر کہنا۔

تو دخترانِ اسلام! انسان کے جتنے دشمن ہیں ان میں بدترین جو دشمن ہے وہ شیطان ہے۔ شیطان نسلِ انسانی کو جس جس طریقے سے گمراہ کرتا ہے جہنم کا ایندھن اور چارہ اکٹھا کرتا ہے۔ قرآن و حدیث کے اندر اس کے وہ سارے حملے، سارے طریقے اور ساری سازشیں مختلف انداز میں بیان کی گئی ہیں۔

آج ہماری گفتگو کا یہ موضوع ہے کہ بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے تو وہ کون کون سے حملے کرتا ہے اور اس کے حملوں سے دفاع کیسے کیا جائے اور کیسے کیا جا سکتا ہے، کیسے کرنا چاہیے؟

دفاع کیسے کیا جائے؟

جس طرح دشمن حملہ کرتا ہے، کوئی ایئر اٹیک (air attack) ہوتا ہے، ہوائی حملہ ہوتا ہے، کوئی بری حملہ ہوتا ہے، کوئی بحری حملہ ہوتا ہے۔ کچھ حملے جو ہیں وہ دشمن اپنے جاسوس بھیج کر اپنے غداروں کے ذریعے، غدار خرید کر کرتا ہے۔ اور اب تو کئی اور بھی کیمیائی حملے نکل آئے ہیں۔ وائرس کے حملے، بیکٹیریا کے، جراثیموں کے حملے نکل آئے ہیں۔

الغرض، دشمن مختلف انداز میں مدِّ مقابل کو ملیا میٹ کرنے کے لیے کئی ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں۔

شیطان انسان کا، مسلمان کا کھلا دشمن ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام فرماتے ہیں کہ شیطان ہر انسان پر دن میں ۳۶۰ دفعہ حملہ کرتا ہے۔ ۳۶۰ حملے کرتا ہے اور اس کا سب سے چھوٹا حملہ یہ ہوتا ہے کہ میں اس کو ختم کر کے اس کا قیمہ کر کے کتوں، خنزیروں کے آگے پھینک کر اس کو جہنم میں پہنچا دوں۔ اس کا ایمان چھین لوں، اس سے جان چھین لوں، اس سے ہر چیز چھین لوں۔

تو تھری ففٹی نائن (۳۵۹) بڑے حملے ہوتے ہیں۔ جو سب سے چھوٹا حملہ ہوتا ہے وہ یہ ہے جو میں نے آغاز میں جو آیت کریمہ پڑھی جس میں شیطان کی سرکشی اور نافرمانی کا تذکرہ ہے۔ بزرگانِ دین اس ضمن میں فرماتے ہیں کہ شیطان کے سارے حملوں کو اکٹھا کریں تو پانچ بڑے حملے بن جاتے ہیں، باقی اس کی ساری دشمنیاں، اس کی ساری سازشیں اس کے ماتحت آ جاتی ہیں۔

**پہلا حملہ......حسد**

فرمایا، اس کی شیطانی سازشوں، شرارتوں اور حملوں کے پیچھے سب سے پہلا حملہ جو ہوتا ہے اس کو حسد کہتے ہیں۔

یعنی جب انسان کے اندر حسد کی بیماری پیدا ہو۔ مخلوق کے لیے حسد کے جذبات پیدا ہوں تو سمجھ لو کہ یہ شیطان نے حملہ کیا ہے۔

**حملۂ شیطان کا انداز**

اس طرح نہیں کہ شیطان سامنے آ کر، لمبے لمبے سینگ لے کر اور بڑی سی زبان لے کر اور لمبے ناخنوں والے ہاتھ لے کر بندے پر چڑھ دوڑتا ہے، نہیں بلکہ......

**فرمانِ حبیب صلّی اللہ علیہ وسلّم**

آقائے دو جہاں نے فرمایا کہ ''شیطان انسان کے جسم میں اس کے خون کی جگہوں میں گردش کرتا ہے۔''

یعنی شیطان انسان کے سینے کے اندر گھس جاتا ہے اور جگہ جگہ جا کر وہ وسوسے ڈالتا ہے۔

# حسد کی تباہ کاریاں

پروفیسر محمد عظیم فاروقی
محررہ: مس نبیلہ فاروقی

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ. اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. **وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ط اَبٰی وَاسْتَكْبَرَ ز وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ.** صَدَقَ اللّٰهُ مَوْلٰنَا الْعَظِیْمِ. وَ صَدَقَ رَسُوْلُهُ النَّبِیُّ الْكَرِیْمُ. رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ. وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ. وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ. یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ. اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

حمد وصلوٰۃ کے بعد! میری انتہائی قابلِ صد احترام، معزز ومحترم دخترانِ اسلام، خواتینِ اسلام، ماؤ، بہنو، بیٹیو!

اللہ رب العزت نے کلامِ مقدس کے اندر اور خاص طور پر سورۃ بقرہ میں قصہ آدم وابلیس بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس واقعہ کے اندر میرے اور آپ کے لیے، اہلِ اسلام کے لیے اور قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے بے شمار تعلیم، ہدایت اور رہنمائی کا سامان ہے۔

اس واقعۂ آدم وابلیس کو کلامِ مقدس میں متعدد مقامات پر مختلف حوالوں سے اللہ رب العالمین نے بیان کیا۔

اہم پہلو

میں اس کے ایک دو نہایت ضروری اور اہم پہلو جن میں ہمارے لیے بہت زیادہ تعلیم ہے آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں، شیئر (share) کرنا چاہتا ہوں۔

اللہ رب العالمین نے وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم علیہ السّلام کو سجدہ کرو تو فَسَجَدُوْٓا سب نے سجدہ کیا اِلَّآ اِبْلِیْسَ سوائے ابلیس (عزازیل، شیطان) کے۔ اَبٰی اس نے انکار کیا۔ وَاسْتَكْبَرَ اور تکبر کیا۔ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ اور وہ انکار کرنے والوں، کافروں میں سے ہو گیا، منکروں میں سے ہو گیا۔

دخترانِ اسلام! اللہ تعالیٰ نے شیطان کو انسان کا کھلا دشمن بیان فرمایا۔

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ.

''بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔''

جس کو اللہ تعالیٰ کھلا دشمن کہہ دے تو پتہ چلا کہ وہ دشمن بہت ہی بدترین دشمن ہے۔

کچھ دشمن......

کچھ دشمن ایسے ہوتے ہیں جو چھپے ہوئے ہوتے ہیں، خفیہ ہوتے ہیں۔ جو منظرِ عام پر نہیں آتے۔ جو پسِ پردہ شیطانیت کے جال بنتے رہتے ہیں، سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ یقیناً وہ دشمن بھی دشمن ہی ہوتے ہیں۔

لیکن کچھ ایسے دشمن ہیں جو علی الاعلان میدان میں سامنے آ کر مدّ مقابل بنتے ہیں تو اللہ کریم فرماتے ہیں کہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ کیونکہ یہ وہ دشمن ہے جس نے اللہ تعالیٰ کے سامنے اکڑ کر، پنجوں کے بل کھڑے ہو کر چیلنج کیا، مناظرہ کیا، بھڑک ماری، اور اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے سامنے مقابلے کے طور پر پیش کیا اور یہ اعلان کیا کہ اے اللہ! تو نے میرے ساتھ جو کچھ کیا ہے میں اس کا انتقام لوں گا، مقابلہ کروں گا۔ تو مجھے قیامت تک مہلت دے، میں تیری مخلوق کو تہس نہس کر دوں گا۔ میں ان کو ناکوں چنے چبواؤں گا۔ میں ان سے عبرت ناک انتقام لوں گا کہ کائنات لرز اُٹھے گی۔ جو تجھ سے ہو سکتا ہے تو کر لے اور جو مجھ سے ہو سکے گا میں کروں گا۔

شیطان کا چیلنج

تُو نے میری چار لاکھ سال کی عبادت کو اس مٹی کی مُٹھ کے مقابلے میں ردّ

اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ایک لاکھ کئی ہزار پیغمبر اس دنیا میں تشریف لائے جن کا تعلق مختلف مذاہب سے تھا۔ لیکن ان سب کی تعلیمات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو کہا جائے گا۔ وہ سب ایک مقصد ہی دنیا میں لے کر آئے تھے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ اللہ کا ذکر کرنا، اس کا قرب حاصل کرنا، اور بندوں کے حقوق پورے کرنا، ان کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کرنا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے، اے لوگو! میں اپنے حقوق تو معاف کر سکتا ہوں، مگر حقوق العباد معاف نہیں کروں گا۔ اگر اس سلسلے میں کسی سے کوئی کوتاہی ہوگئی یا کسی پر زیادتی ہوگئی تو اس سے جا کر معافی مانگ لے، اس کو راضی کر لے، تیرا خدا بھی تجھ سے راضی ہو جائے گا۔

حدیث قدسی میں اللہ نے ارشاد فرمایا کہ تمام مخلوقات میرا کنبہ ہیں۔ میرا اہل وعیال ہے۔ اور مجھے اپنے اہل وعیال میں سے وہ اچھا اور بہتر لگتا ہے جو میرے بندوں کو نفع پہنچائے، فائدہ پہنچائے۔ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کہ میں بھوکا تھا، مجھے کسی نے کھانا نہیں کھلایا۔ میں پیاسا تھا، کسی نے مجھے پانی نہیں پلایا۔ لوگ پوچھیں گے، اے رب تعالیٰ! آپ بھوکے اور پیاسے کیسے؟ آپ تو دینے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ میرا فلاں بندہ بھوکا تیرے پاس آیا، اگر تم اس کو کھانا کھلاتے تو مجھے وہاں پاتے۔ میرا فلاں بندہ پیاسا تھا، اگر تم اس کو پانی پلاتے تو مجھے وہاں پاتے۔ دنیا میں خدا کی قدرت کو جتنی نشانیاں تم دیکھ رہے ہو، دنیا میں جتنے مذاہب ہیں، جتنی آسمانی کتابیں اور صحیفے ہیں، جتنے انبیاءِ کرام اس دنیا میں آئے، ان سب کی تعلیمات کا مقصد حقوق اللہ اور حقوق العباد ہے۔ وہ ہی ہماری زندگی کا مقصد ہے جو ہمیں زندگی کے ہر موڑ پر سمجھایا جاتا ہے۔ لیکن ہم ایسے ہیں کہ پھر اپنا مقصد بھول جاتے ہیں۔

تقدیر کے پابند جمادات و نباتات
مومن فقط احکامِ الٰہی کے ہیں پابند
دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر

ایک صحابیِ رسولؐ نے آپؐ کی بارگاہ میں آ کر عرض کیا، یا رسول اللہؐ! مجھے کوئی عمل بتا دیجیے جس پر میں عمل کروں اور کامیاب ہو جاؤں اور اس حکم کے بعد مجھے کسی بات کی ضرورت نہ رہے۔ آپؐ نے فرمایا، قُلْ رَبِّیَ اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقِمْ. کہہ دے کہ میرا رب اللہ ہے، پھر اس پر قائم رہ۔ جب سچے دل سے مان لیا کہ میرا معبود اللہ ہے تو اس کے تمام احکامات پر بھی ثابت قدمی سے قائم رہ اور ڈٹ جا۔ یہ تمہارا حق ہے، ورنہ تو اپنے اس اقرار میں جھوٹا ہوگا۔ اگر تو اس کا اقرار بھی کرے زبان سے اور دل سے تصدیق بھی کرے اور جسم کو عمل میں مصروف بھی رکھے تو پھر تو ہر تکلیف سے محفوظ ہے۔ اپنے ارادے میں کامیاب ہے۔ تو دیدار اور قرب کی منزل سے مشرف ہو کر اعلیٰ مرتبے تک پہنچ جائے گا اور یہی تمہاری دنیا اور آخرت کی کامیابی اور فلاح ہے اور نعمتِ عظمیٰ بھی یہی ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

**اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ. اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا ج جَزَآءًۢم بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ.**

مفسرین فرماتے ہیں، اے بندے! تیرا مقصد تو وہ ہے جو تجھ کو مصروفِ عمل رکھے اور تُو تو اس کا بندہ ہے جس کے ہاتھ میں تیری مُہار ہے۔ اگر دنیا کے ہاتھ میں تیری مُہار ہے تو تُو دنیا کا بندہ ہے۔ نفس کے ہاتھ میں اگر تیری مہار ہے تو تُو اپنے نفس کا بندہ ہے۔ مہار اگر آخرت کے ہاتھ میں ہے تو تُو آخرت کا بندہ ہے۔ اب تُو خود دیکھ لے کہ تیری مہار کس کے ہاتھ میں ہے اور تو کس مقصد کے لیے جی رہا ہے۔ اور کس مقصد کے لیے مصروفِ عمل ہے۔ لہٰذا تیری مہار جس کے ہاتھ میں ہے تو اُسی کا بندہ ہے۔ اگر بچوں کے ہاتھ میں، اگر خاوند کے ہاتھ میں اگر دنیا کے ہاتھ میں ملی، یہ ہے کہ اُن کی رضا حاصل کرنا تیرا مقصد ہے اس کی پہچان پھر یہ ہوتی ہے کہ وہ انسان اللہ اور اس کے احکامات کے آگے اپنی تمام خواہشات اپنی تمام مرضی و منشا قربان کر دیتا ہے۔ کیونکہ وہ خدا سے سچی محبت کرنے لگتا ہے اور خدا اس سے محبت کرنے لگتا ہے۔

کتنی تسکین وابستہ ہے ساقی تیرے نام کے ساتھ
نیند کانٹوں پہ بھی آ جاتی ہے آرام کے ساتھ
خیالِ یار میں ہم پُر بہار رہتے ہیں
خزاں کے دن بھی ہمیں سازگار رہتے ہیں

معرفت کا ذریعہ بھی ہیں۔ ہم جتنی عبادت کریں گے ہم اس کے اتنے ہی قریب ہوتے جائیں گے۔قرب بڑھتا ہے طلب کرنے سے، عمل کرنے سے، علم حاصل کرنے سے، محبت کرنے سے اور چاہنے سے۔

تقدیر کے پابند جمادات و نباتات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

اگر دنیا کے تمام انسانوں سے پوچھا جائے کہ آپ اس دنیا میں کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں تو تمام لوگ اپنی اپنی خواہشات بیان کریں گے۔ جو تین چیزوں پر مشتمل ہوں گی؛ (۱) حقیقی سکون، (۲) حقیقی خوشیاں، (۳) حقیقی صحت۔خوشیوں سے بھرپور زندگی، صحت وتندرستی والی زندگی، چین وسکون والی زندگی ہر انسان کی خواہش ہوگی۔جس طرح ہر انسان ہوا، پانی، خوراک کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا، بالکل اسی طرح ان تین چیزوں یعنی سکون، خوشی اور صحت کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ان کے بغیر وہ ایک چلتی پھرتی لاش کی طرح ہوتا ہے۔آج کے دور میں ایسے لوگ آپ کو کثرت سے نظر آئیں گے۔آج کل دنیا کی بڑی تعداد مادی طور پر بڑی خوشحال ہے اور دنیا جہان کی نعمتیں ان کو حاصل ہیں۔ روپے پیسے کی ریل پیل ہے، لیموزین گاڑیوں میں گھومتے ہیں، عالیشان گھروں میں رہتے ہیں، انتہائی اعلیٰ اور مہنگی ترین غذائیں کھاتے ہیں۔مگر اصل سکون، اصل خوشی اور اصل صحت سے محروم ہیں۔تھوڑا سا غور کرنے سے یہ بات ہم سمجھ جائیں گے کہ جن لوگوں کا مقصد صرف اور صرف دنیا کو اور دنیا کی چیزوں کو حاصل کرنا ہے، ان لوگوں کو یہ تینوں اصلی خوشیاں حاصل نہیں ہوسکتیں، کیونکہ دنیا اور دنیا کی محبت اور دنیا کو حاصل کرنے کی خواہش تو سمندر کے کھارے پانی کی طرح ہے۔کوئی انسان اپنی پیاس بجھانے کے لیے جتنا پانی پیئے گا، اس کی پیاس اور تلخی اتنی ہی بڑھتی چلی جائے گی۔ان تینوں چیزوں کے حقدار ہیں تو انسان لیکن انسان ان کو کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔آیئے ہم اس کا کچھ حل نکالتے ہیں۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں، ہدایت اور راہنمائی ان کو ملتی ہے جو میری قدرت میں غور وفکر کرتے ہیں۔آیئے ہم دیکھتے ہیں اللہ کی قدرت کو اور اس میں غور وفکر کر کے کسی نتیجے تک پہنچ جاتے ہیں۔انشاء اللہ خدا کی ذات ہماری راہنمائی کرے گی۔

دیکھئے! یہ پہاڑ، یہ آسمان، یہ چاند، یہ سورج، یہ ستارے، یہ درخت، یہ زمین، یہ سب چیزیں ہمارے سامنے ہیں۔ یہ سب چیزیں کتنی مختلف ہیں۔ لیکن خدا کی قدرت نے ان سب کو ایک ڈور سے باندھ رکھا ہے۔ دیکھیں گرمیوں میں کیسے سمندر کا پانی بخارات بن کر اوپر کو اُٹھتا ہے، ہوائیں کیسے اُن بخارات کو اُٹھا کر اوپر لے جاتی ہیں۔ وہاں پھر یہ بادلوں کی شکل اختیار کرتا ہے۔بادلوں سے بارش کی صورت میں زمین پر پہنچتی ہے۔کسان زمین میں بیج ڈالتا ہے، بارش سے اس بیج کو فصل کو پانی ملتا ہے اور پھر سورج کی تپش وحرارت سے وہ فصل وہ بیج کیسے پک کر تیار ہو جاتا ہے۔ یہ تمام چیزیں جو قدرتِ خدا سے اپنی اپنی ساخت میں مختلف ہیں، لیکن خدا نے ان کو کیسے ایک ہی ڈور میں پرو دیا ہے۔خدا نے جو جو ان تمام چیزوں کو حکم دیے ہیں وہ سب ان احکامات کو مان کر کیسے کام میں مصروف ہیں۔ بظاہر مختلف ہیں۔مگر آپس میں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔حقوق اللہ بھی ادا کر رہے ہیں اور حقوق العباد بھی ادا کر رہے ہیں۔سورج کیسے خدا کے حکم سے اپنے وقت مقرر پر مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔سارا دن خدا کے حکم کے مطابق اپنی منزل کو پورا کرتے ہوئے مغرب کی طرف جا کر غروب ہو جاتا ہے۔کیسے حکم کی پابندی ہے۔جب کا خدا نے اس کو بنایا ہے، اس نے ایک لمحہ کے لیے بھی خدا کی نافرمانی نہیں کی۔اسی طرح کائنات کی تمام چیزوں کا حال ہے۔ان سب چیزوں کا مقصد بھی یہی ہے کہ ان کو اصل صحت ملے۔ اصل خوشی اور اصل سکون ملے۔ ہم انسانوں کی زندگی کا مقصد بھی اصل صحت وخوشی اور سکون حاصل کرنا ہے۔ یہ راز اللہ نے ہمارے لیے اپنی محبت میں اپنی پہچان میں اپنے قرب میں رکھ دیا ہے۔اصل منبع خدا کی ذات ہے۔ وہی ہماری جنت اور اصل خوشی ہے۔آج ہمارے گھروں میں دنیا جہان کی نعمتیں تو موجود ہیں۔اگر کمی ہے تو یہ کہ ہم اللہ کے ذکر سے اللہ کی محبت سے دور ہیں۔ہمیں اللہ کی محبت ایسے دلوں میں بسانی چاہیے!

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ.

خبردار! سنو، دلوں کا اصل چین وسکون تو اللہ کو یاد کرنے میں ہے۔



# میرا مقصدِ حیات کیا ہے؟

درسِ قرآن
از
میڈم تسنیم عارفہ

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡکَرِیۡمِ. اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ. بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. کُنۡتُ کَنۡزًا مَخۡفِیًّا فَاَحۡبَبۡتُ اَنۡ اُعۡرَفَ فَخَلَقۡتُ الۡخَلۡقَ وَتَعَرَّفۡتُ اِلَیۡهِمۡ فِیۡ عَرَفُوۡنِیۡ وَعُرِفۡتُ بِهِمۡ...... رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ. وَیَسِّرۡ لِیۤ اَمۡرِیۡ. وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِیۡ. یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ.

اندازِ بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ اُتر جائے تیرے دل میں میری بات

آج کا موضوع ہے، ہماری زندگی کا مقصد کیا ہے؟...... اس حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں، میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا، مجھے جانتا پہچانتا کوئی نہیں تھا۔ میں نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں، جانا جاؤں تو میں نے مخلوق کو پیدا کر دیا۔ لہٰذا معلوم ہوا، انسان کی تخلیق کا مقصد معرفتِ الٰہی کا حاصل کرنا یعنی اللہ تعالیٰ کو اپنے رب کو اپنے بنانے والے کو جاننا اور پہچاننا اور اس کو چاہنا ہے۔

عالمِ ارواح

اس زندگی سے پہلے ہم عالمِ ارواح میں روحوں کی صورت میں مجرّد تھے، ساکت تھے، کیونکہ ہمارا یہ جسم نہیں تھا، ہاتھ نہیں تھے، زبان نہیں تھی، کان نہیں تھے، خالی روحیں تھیں۔ اس لیے نماز روزہ بھی نہیں تھا، مال و دولت نہیں تھی، زکوٰۃ نہیں تھی، حقوق العباد بھی نہیں تھے۔ غرض کہ عالم ارواح میں اعمال نہیں تھے۔ اس لیے ہم کچھ نہیں جانتے تھے کہ ہم کون ہیں، کہاں ہیں۔ ہمیں کسی کی کوئی پہچان نہیں تھی۔ اِدھر دنیا کی کائنات موجود تھی۔ حکمتوں سے بھرپور یہ کائنات خدا کی صفات کا مظہر موجود تھا۔ کائنات اپنی تمام تر رنگینیوں کے ساتھ موجود تھی۔ مگر اس سے کوئی لطف اٹھانے والا نہ تھا۔ کوئی اس کی حکمتوں کو سمجھنے والا نہ تھا۔ کوئی اس کے مقصد کی تکمیل میں خالق کی مرضی کو بروئے کار لانے والا نہ تھا۔ خالق چاہتا تھا کہ کوئی اس کی تخلیق کو سمجھے، اس سے لطف اندوز ہو، اس کی داد دے، اس کی تعریف کرے، اس کی تخلیق کو سمجھ کے خالق تک پہنچ جائے۔ کوئی آئے جو کائنات کے راز کو سمجھے، اس کائنات کو مسخر کرے، کوئی ہو جو اُس کا راز دان ہو جائے اور پھر راز دان بن کر قدر دان ہو جائے، پھر خالق کو چاہنے لگے۔ اس سے پیار کر کے اس کی محبت کا، اس کی تخلیق کا حق ادا کر دے۔ ہم کہاں ہوتے اگر وہ احسن لازوال نہ ہوتا۔

عشق کارن آدم کیتا محرم یار یگانہ
آپنے ملک عبادت جوگے کی حاجت انساناں
جس دل وچ عشق نہ رچیا کتے اس تھیں چنگے
مالک دے گھر راکھی کردے صابر بکھے ننگے
بال چراغ عشق دا میرا، روشن کر دے سینہ
دل دے دیوے دی رشنائی جاوے وچ زیناں

اسی مقصد کے تحت حضرت آدمؑ کی پیدائش عمل میں لائی گئی۔ پھر حضرت آدمؑ کو دل جیسا انمول تحفہ ملا۔ جس میں فکر کی گہرائی، احساس کی گہرائی، دونوں رکھ دی گئیں۔ جس کے ذریعے انسان اپنے خدا کی لامحدود محبت کو پا سکے۔ گہری محبت اور بلند فکر سے اس کی معرفت کو گرفت میں لا سکے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے کمال لطف و کرم سے ہم تمام لوگوں کی روحوں کو مٹی کا جسم بخشا۔ ایک قالب بخشا۔ پھر ایک مقرر مدت کے لیے اس کو اس دنیا میں بھیج دیا۔ اور اپنے نبیوں کو اپنی پہچان کا ذریعہ بنا کر بھیجا۔ ان کے ذریعے اپنے پیغامات حکموں کی صورت میں ہم سب تک پہنچائے، تاکہ ہم انسان ان حکموں کو اس کے پیغامات کو سن کر سمجھ کر اس پر عمل کرتے جائیں۔ اور اللہ کے ساتھ اپنا قرب بڑھاتے جائیں۔ اس طرح ہمیں اللہ کی معرفت، اس کی پہچان حاصل ہو جائے اور ہماری تخلیق کا مقصد حاصل ہو جائے۔ تخلیق کا مقصد، جو کہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کا دوسرا نام بھی ہے۔ یہ عبادات و معاملات بھی ہیں اور حصولِ

ان تمام باتوں کو جانتا ہے جو یہ چھپاتے ہیں اور جو یہ ظاہر کرتے ہیں۔ یہودیوں کا یہ عقیدہ تھا کہ جنت میں ان کے علاوہ اور کوئی نہیں جائے گا۔ لہٰذا وہ اپنے اس طرح کے باطل عقائد سے اپنے گناہوں میں اضافہ کرتے چلے جاتے تھے اور دوسرے تھوڑے سے مالی فائدے کی خاطر ان کے عالم اللہ کے کلام میں تبدیلی کرتے تھے۔ عام یہودیوں کے اس جاہل طبقہ کو معلوم ہی نہیں تھا کہ تورات میں کیا لکھا ہے۔ وہ بس چند جھوٹی آرزوؤں سے واقف تھے جو انہوں نے اپنے بزرگوں سے سن رکھی تھیں۔ اور توقع رکھتے تھے کہ ان کے بزرگ ان کے گناہ بخشوا لیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان لوگوں کے لیے سخت خرابی ہے۔ افسوس ہے ان کے لیے جو اللہ کے احکامات کو بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کا حکم ہے۔

سوال: یہودی دوزخ کی سزا کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

جواب: یہودیوں کا یہ عقیدہ تھا کہ انہیں اعمال بد کے بدلے چند روز دوزخ میں پھینکا جائے گا۔ بعض روایات میں کہ سات دن بعض میں چالیس دن یعنی جتنے دن انھوں نے بچھڑے کی پوجا کی تھی۔ بعض کہتے کہ ہر گناہ گار کو اس کی عمر کے برابر دوزخ میں رکھا جائے گا۔ بس۔ یہ لوگ اپنے آپ کو اللہ کے لاڈلے اور محبوب سمجھتے تھے۔ نبیوں کی اولاد ہونے پر فخر کرتے اور اللہ کے انعامات کا ذکر کرتے جو ان پر وقتاً فوقتاً کیے گئے تھے۔ ان کا یہ بھی عقیدہ تھا کہ ان کے برے اعمال کے بدلے اللہ اگر انہیں سزا بھی دے گا تو وہ بھی چند روز کے لیے، ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہیں گے۔

اللہ تعالیٰ اس آیت میں اپنے آخری نبی حضرت محمدؐ کی معرفت ان سے پوچھ رہا ہے کہ کیا تم نے اللہ تعالیٰ سے اس بات کا کوئی عہد لیا ہے جس کی پابندی کرنے پر وہ مجبور ہے یا تم نے خود ہی اپنے دل سے یہ باتیں گھڑ لی ہیں۔ جن کا کوئی ثبوت تمہاری مذہبی کتاب تورات شریف میں نہیں ہے۔ ان کے یہ دعوے من گھڑت ہیں۔ ان باتوں کی کوئی سند کسی بھی آسمانی کتاب میں موجود نہیں۔

سوال: یہودیوں کے دوزخ میں نہ جانے کے بارے میں غلط فہمی دور کرنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرہ میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: یہودیوں کی غلط سوچیں جھوٹے عقیدے اس قدر تھے جو نسل در نسل چلے آ رہے تھے۔ مثلاً یہ کہ وہ اللہ کے لاڈلے ہیں۔ انہیں گناہوں کی سزا نہیں ملے گی۔ اگر ملی بھی تو چند روز کے لیے۔ نیز یہ کہ ان کے باپ دادا جو نبی تھے وہ بزرگ حضرات ہمیں بخشوا لیں گے۔ ان عقیدوں کی آڑ میں یہ لوگ ناجائز اور حرام عمل کرتے اور خام خیالیوں میں غلط روایات میں پھنسے رہتے۔ اُن کے نزدیک اپنے دین کو سیکھنا، سمجھنا، عمل کرنا اور آخری نبی حضرت محمدؐ کی تعلیمات کو ماننا ضروری نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان کے اس غلط عقیدے کی تردید کی ہے۔ اور بتایا کہ تمہاری نجات کا دارومدار صرف دو باتوں پر ہے۔ (۱) اللہ پر ایمان رکھنا، (۲) نیک عمل کرنا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے احکامات سچے دل سے ماننا اور اس پر عمل کرنا۔ ہر انسان کو اس کے عمل کے مطابق جزا اور سزا ملے گی۔

جن لوگوں نے جان بوجھ کر بدی کی راہ اختیار کی اور پھر گناہوں کے اندر اس طرح گھر گئے اور ایمان کے لیے کوئی گنجائش نہیں رہی۔ یہ حالت اہلِ کفر کی ہے۔ ان کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور جن خوش نصیبوں نے اچھے عمل کیے اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق۔ ان کے لیے دنیا میں بھی کامیابی ہے اور آخرت میں بھی کامیابی ہے۔ یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔ اور یہ حالت اہلِ ایمان کی ہے۔ یہ مومنین جنت کے وارث ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

کافروں میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جن کے عقائد درست نہیں ایمان ان کے پاس نہیں ہے لیکن اعمال صالحہ ہیں، اچھے اخلاق ہیں، ان کو اس دنیا میں ہی بدلہ دے دیا جائے گا آخرت میں ان کے لیے کچھ نہیں اور جن کے عقائد درست ہوں گے یعنی ان کے پاس ایمان ہوگا لیکن اعمال درست نہیں ہوں گے، جس طرح اللہ تعالیٰ نے حکم دیے ویسے عمل نہیں کیے ہوں گے۔ اپنی زندگی غفلت سے گناہوں سے گزاری ہوگی۔ ان کے حساب کتاب کا سلسلہ ہو گا۔ برے اعمال کی سزا ہوگی۔ انہیں وہ سزا جہنم کی صورت میں کاٹنی ہوگی۔ پھر ایمان کی برکت سے دوزخ سے رہائی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایمانِ کامل اور عمل صالح کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

نوٹ: آیت نمبر ۷۲، ۷۳ کی تفسیر پچھلے شمارے میں مکمل ہو چکی ہے۔ آیت نمبر ۷۴ کی تفسیر پیشِ خدمت ہے۔

سوال: سورۃ البقرۃ میں اللہ تعالیٰ نے پتھروں کی کتنی مثالیں بیان کی ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔

جواب: انسانوں کی طرح پتھر اور جانور بھی مختلف درجے رکھتے ہیں۔ ہر مخلوق تسبیح پڑھتی ہے۔ سبزہ کی تسبیح سے عذابِ قبر میں کمی ہوتی ہے۔ مسلمانوں کا قرآن پڑھنا باعثِ ثواب ہے۔ پتھروں میں بھی احساس اور شعور ہے۔ اگرچہ ہم کو محسوس نہیں ہوتا۔ سب جانور اپنی اپنی عبادت کرتے ہیں۔ بعض اللہ تعالیٰ کا کلام سنتے ہیں۔ حضور پاکؐ کے فراق میں لکڑی روئی جس کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سنا۔ آپؐ کو پتھروں اور درختوں نے سلام کیا۔ بخاری و مسلم کی حدیث ہے کہ حضور پاکؐ نے اُحد پہاڑ کے بارے میں ارشاد فرمایا، ہم اس سے محبت کرتے ہیں اور یہ ہم سے محبت کرتا ہے۔ انسان کا دل اگر اللہ کی مرضی و منشا کے مطابق کام کرے تو فرشتوں سے افضل ہے اور اگر بگڑ جائے تو پتھروں سے بھی بدتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے گذشتہ آیات میں بنی اسرائیل کے واقعات بیان فرمائے جن سے معلوم ہوا کہ یہودی برے اعمال اور مسلسل نافرمانیاں کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو معاف کرتا رہا۔ انہوں نے کوئی سبق حاصل نہ کیا۔ گویا ان کے دل پتھر بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت ہو گئے۔ پتھروں میں بھی بعض ایسے ہوتے ہیں جن سے مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچتا ہے۔ بعض پتھروں سے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں اور ان سے دنیا کو پانی ملتا ہے۔ پھر بعض کی جھریوں سے پانی پھوٹ کر نکلتا ہے۔ اور بعض پتھر پہاڑ کی چوٹیوں سے گر پڑتے ہیں۔ گویا ہیبت الٰہی سے لرز کر سجدہ میں گر جاتے ہیں۔

مفسرین کا بیان ہے، چشموں والے پتھروں کی مثال انسانی آبادی میں انبیاء و رسل ہیں۔ ان کے چشمہ فیض سے مخلوقِ خدا اپنی روحانی پیاس بجھاتی ہے۔ دوسری قسم کے پتھروں کی مثال اولیاء اللہ ہیں، ان سے بہت سے لوگ فیض یاب ہوتے ہیں۔ اسی طرح صالحین اور مومنین ہیں جو اگر دوسروں کی اصلاح و ہدایت نہ بھی کر سکیں پھر بھی ان کا اپنا ایمان مکمل اور مضبوط ہوتا ہے۔ بنی اسرائیل نے نہ تو انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات سے فائدہ اٹھایا اور نہ ہی نیک بندوں کی بات سنی، گویا ان کے دل عام پتھروں سے بھی زیادہ سخت ہو گئے تھے جن پر کوئی بات اثر نہیں کرتی۔

سوال: جن لوگوں نے اللہ کے کلام میں تحریف کی ان کے بارے میں قرآن پاک کیا ارشاد فرماتا ہے؟

جواب: یہودیوں کے بارے میں اِس آیت میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو سمجھا رہا ہے کہ کیا تم اس بات کی آرزو کرتے ہو، اس بات کی توقع رکھتے ہو کہ یہ تمہاری بات مان لیں گے۔ یہ آپ کی بات کیسے مان لیں گے۔ ان کے بڑوں نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں اور ان کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کا کلام سننے کے بعد جان بوجھ کر اس میں ردّ و بدل کرتے تھے۔ جب ان کے بڑوں کا یہ حال تھا تو پھر اُن کے بعد آنے والوں سے کس طرح امید ہو سکتی ہے۔ یہ لوگ بدنیت ہیں، ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے اس اعلان سے پتہ چلتا ہے کہ یہودیوں کے اسلام لانے کی مسلمانوں کو کچھ زیادہ توقع نہیں رکھنی چاہیے۔ یہ جان بوجھ کر سمجھتے ہوئے ایسا کرتے ہیں۔ جب یہ مسلمانوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں۔ جب ایک دوسرے کے پاس تنہا ہوتے ہیں تو یہ منافق یہودی اپنے دوستوں سے کہتے ہیں کہ تم اپنی کتاب کی تعلیم مسلمانوں کو بتا کر اس کے ذریعے اپنے خلاف مسلمانوں کے ہاتھ میں دلائل دیتے ہو۔ یہ یہودی منافقوں کا گروہ تھا۔ یہ جب کبھی مسلمانوں کو خوش کرنے کے لیے اپنا ایمان ظاہر کرتے اور بتاتے کہ ہماری مذہبی کتاب میں آخری نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بارے میں پیشین گوئیاں دیں اور آپؐ کے اخلاق اور علامات نبوتؐ بھی بیان کرتے جو توراۃ شریف میں موجود تھیں۔ لیکن جب یہ یہودی آپس میں ملتے تو ایک دوسرے کو لعنت کرتے کہ تم اپنی مذہبی تعلیمات مسلمانوں کو بتا دیتے ہو اور اپنے خلاف انہیں ہتھیار کیوں دیتے ہو۔ یہی دلائل مسلمان تمہارے خلاف استعمال کرتے ہیں اور تمہاری اپنی باتوں کو سند بنایا کرو۔ اللہ کے ہاں گواہی دیں گے کہ یہود سب کچھ جاننے کے بعد اصل دین کی طرف نہیں آئے۔ گویا یہ بے وقوف یہودی یہ سمجھ رہے تھے کہ ان باتوں کا علم مسلمانوں کو صرف یہودیوں کے ذریعے سے ہی ہو سکتا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کی ظاہر اور چھپی باتوں کو نبیؐ اور مسلمانوں کر ظاہر کر سکتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ

| نمبرشمار | الفاظ | معانی | گرائمر |
|---|---|---|---|
| 1 | قَتَلْتُمْ | قتل کیا تم نے | فعل ماضی |
| 2 | فَادّٰرَئْتُمْ | پس اختلاف کیا تم نے | فعل ماضی |
| 3 | مُخْرِجٌ | نکالنے والا ہے | اسم فاعل |
| 4 | تَكْتُمُوْنَ | تم چھپاتے ہو | فعل مضارع |
| 5 | اضْرِبُوْهُ | مارو اُس کو | فعل امر |
| 6 | يُحْيِ | زندہ کرتا ہے | فعل مضارع |
| 7 | وَيُرِيْكُمْ | اور وہ دکھاتا ہے | فعل مضارع |
| 8 | تَعْقِلُوْنَ | سمجھو تم | فعل مضارع |
| 9 | كَالْحِجَارَةِ | مانند پتھروں کے ہیں | مرکب جاری |
| 10 | اَشَدُّ | زیادہ | صفت |
| 11 | قَسْوَةً | سخت | صفت |
| 12 | يَتَفَجَّرُ | پھوٹ نکلتی ہیں | فعل مضارع |
| 13 | يَشَّقَّقُ | جو پھٹ جاتا ہے | فعل مضارع |
| 14 | فَيَخْرُجُ | پس نکلتا ہے | فعل مضارع |
| 15 | يَهْبِطُ | جو گر جاتا ہے | فعل مضارع |
| 16 | بِغَافِلٍ | غافل اُس سے | مرکب جاری |
| 17 | اَفَتَطْمَعُوْنَ | کیا پس تم طمع کرتے ہو | فعل مضارع |
| 18 | يَسْمَعُوْنَ | وہ سنتے ہیں | فعل مضارع |
| 19 | يُحَرِّفُوْنَهٗ | وہ بدل دیتے ہیں اس کو | فعل مضارع |
| 20 | مَا عَقَلُوْهُ | سمجھ لیا تھا اس کو | فعل ماضی |
| 21 | اِذَا لَقُوا | جب ملتے ہیں | فعل ماضی |
| 22 | خَلَا | اکیلے ہوتے ہیں | فعل ماضی |
| 23 | اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ | کیا تم کہہ دیتے ہو اُن کو | فعل مضارع |
| 24 | فَتَحَ | کھولا | فعل ماضی |
| 25 | لِيُحَآجُّوْكُمْ | تا کہ وہ جھگڑا کریں تم سے | فعل مضارع |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 26 | تَعْقِلُوْنَ | تم عقل رکھتے | فعل مضارع |
| 27 | يُسِرُّوْنَ | جو وہ چھپاتے ہیں | فعل مضارع |
| 28 | يُعْلِنُوْنَ | جو وہ ظاہر کرتے ہیں | فعل مضارع |
| 29 | اُمِّيُّوْنَ | اَن پڑھ ہیں | اسم فاعل |
| 30 | اَمَانِيَّ | آرزوئیں | صفت |
| 31 | يَظُنُّوْنَ | وہ گمان کرتے ہیں | فعل مضارع |
| 32 | فَوَيْلٌ | پس افسوس ہے | فعل مضارع |
| 33 | يَكْتُبُوْنَ | جو لکھتے ہیں | مرکب توصیفی |
| 34 | لِيَشْتَرُوْا | تا کہ وہ خریدیں | فعل ماضی |
| 35 | ثَمَنًا قَلِيْلًا | قیمت تھوڑی | مرکب اضافی |
| 36 | كَتَبَتْ | جو لکھا | فعل مضارع |
| 37 | اَيْدِيْهِمْ | ان کے ہاتھوں نے | فعل مضارع |
| 38 | يَكْسِبُوْنَ | جو وہ کماتے ہیں | مرکب توصیفی |
| 39 | تَمَسَّنَا | نہ لگے گی ہم کو | فعل ماضی |
| 40 | اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً | گنتی کے دن | فعل مضارع |
| 41 | اَتَّخَذْتُمْ | کیا تم نے پکڑا ہے | عطف |
| 42 | يُخْلِفَ | خلاف کرے گا | صفت |
| 43 | بَلٰى | بلکہ | فعل ماضی |
| 44 | سَيِّئَةً | برائیاں | مرکب اضافی |
| 45 | اَحَاطَتْ | گھیرے ساتھ اس کے | مرکب اضافی |
| 46 | خَطِيْٓئَتُهٗ | خطائیں اُس کی | فعل مضارع |
| 47 | اَصْحٰبُ النَّارِ | آگ میں رہنے والے لوگ | مرکب اضافی |
| 48 | خٰلِدُوْنَ | ہمیشہ رہیں گے | فعل مضارع |
| 49 | اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ | جنت میں رہنے والے لوگ | مرکب توصیفی |

خَلَا بَعۡضُهُمۡ اِلٰی بَعۡضٍ قَالُوۡٓا اَتُحَدِّثُوۡنَهُمۡ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيۡكُمۡ

اکیلے ہوتے ہیں بعض اُن کی طرف بعض کے کہا انہوں نے کیا تم کہہ دیتے ہو اُن کو ساتھ اس کے جو کھولا اللہ نے تم پر

(تو) کہتے ہیں کہ کیا تم اُن کو وہ باتیں بتاتے ہو جو تم پر واضح ہو چکی ہیں تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہیں حجت بنا لیں۔

لِيُحَآجُّوۡكُمۡ بِهٖ عِنۡدَ رَبِّكُمۡ ط اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ. اَوَلَا يَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ

تا کہ وہ جھگڑا کریں تم سے ساتھ اس کے نزدیک رب تمہارے کے کیا پس نہیں تم عقل رکھتے کیا اور نہیں وہ جانتے یہ کہ

کیا پھر تم عقل کے ناخن نہ لو گے۔ کیا وہ یہ (حقیقت) نہیں جانتے کہ بے شک اللہ تو خوب جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور

اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا يُسِرُّوۡنَ وَمَا يُعۡلِنُوۡنَ. وَمِنۡهُمۡ اُمِّيُّوۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ الۡكِتٰبَ اِلَّآ

اللہ وہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں اور بعض اُن میں سے اَن پڑھ ہیں نہیں وہ جانتے کتاب کو مگر

جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں اور اُن میں سے تو بعض بالکل اَن پڑھ ہیں جو ہرگز کتاب اللہ کو نہیں جانتے سوائے اپنی

اَمَانِيَّ وَاِنۡ هُمۡ اِلَّا يَظُنُّوۡنَ. فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ يَكۡتُبُوۡنَ الۡكِتٰبَ بِاَيۡدِيۡهِمۡ ق ثُمَّ يَقُوۡلُوۡنَ

آرزوئیں اور نہیں وہ مگر وہ گمان کرتے پس افسوس ہے واسطے ان لوگوں کے جو لکھتے ہیں کتاب ہاتھوں اپنوں سے پھر وہ کہتے ہیں

آرزوؤں کے اور وہ تو صرف ظن وگمان کے مرتبہ میں ہیں۔ تو ایسے لوگوں کے لیے ہلاکت ہی ہلاکت ہے جو کتاب کو اپنے ہاتھوں سے لکھتے ہیں پھر یہ کہتے پھرتے ہیں

هٰذَا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ لِيَشۡتَرُوۡا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ط فَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا كَتَبَتۡ

یہ (سے) نزدیک اللہ کے سے ہے تا کہ وہ خریدیں بدلے اس کے قیمت تھوڑی پس افسوس ہے ان کے لیے اس سے جو لکھا

کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تا کہ اس کے عوض چند ٹکے حاصل کر سکیں۔ تو جو کچھ اُن کے ہاتھوں نے لکھا وہ بھی برباد ہونے والا ہے اور جو کچھ انہوں نے (اس

اَيۡدِيۡهِمۡ وَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا يَكۡسِبُوۡنَ. وَقَالُوۡا لَنۡ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ

ہاتھوں ان کے نے اور افسوس ہے اُن کے لیے اُس سے جو وہ کماتے ہیں اور کہا انہوں نے ہرگز نہ لگے گی ہم کو آگ مگر

کے عوض مال) کمایا وہ بھی اکارت زدہ ہے اور انہوں نے (یہ بھی) کہا کہ انہیں (جہنم کی) آگ سوائے چند روز کے ہرگز ہرگز نہ چھو سکے گی۔ فرما دیجئے کہ تم نے اللہ

اَيَّامًا مَّعۡدُوۡدَةً ط قُلۡ اَتَّخَذۡتُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ عَهۡدًا فَلَنۡ يُّخۡلِفَ اللّٰهُ عَهۡدَهٗٓ اَمۡ تَقُوۡلُوۡنَ

دن گنتی کے آپ ﷺ فرما دیجئے کیا تم نے پکڑا ہے نزدیک اللہ کے عہد پس ہرگز نہ خلاف کرے گا اللہ عہد اپنا کیا تم کہتے ہو

تعالیٰ سے کوئی ایسا وعدہ لے رکھا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ کیا تم (بدبخت) اللہ رب العزت کے بارے میں ایسی کہانیاں گھڑتے ہو جو تم

عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ. بَلٰی مَنۡ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتۡ بِهٖ خَطِيۡٓـئَتُهٗ فَاُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ

اوپر اللہ کے جو نہیں تم جانتے بلکہ جو کوئی کمائے برائیاں اور گھیرے ساتھ اس کے خطائیں اُس کی پس یہ لوگ رہنے والے

(حقیقت) میں جانتے نہیں ہو۔ ہاں بلکہ جس نے گناہوں کی کمائی کی اور وہ اُس کو گھیریں گی، اُس کی خطائیں (نافرمانیاں) تو (اصل میں) وہ دوزخی ہیں جو اُس میں

النَّارِ ج هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ. وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ ج هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ.

آگ کے ہیں وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل کیے نیک یہ لوگ رہنے والے جنت کے ہیں وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے

ہمیشہ ہمیشہ کے لیے رہیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور عملِ صالح بجالائے (حقیقت میں) وہی صاحبِ جنت ہیں جو اُس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے۔

# رُکوع ۹ سورۃ البقرہ

پروفیسر محمد عظیم فاروقی
پروفیسر مسرت عظمت فاروقی
میڈم تسنیم عارفہ سعید

## متن بمعہ لفظی و بامحاورہ ترجمہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

شروع کرتی / کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ط وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ. فَقُلْنَا

اور جب قتل کیا تم نے ایک جان کو پس اختلاف کیا تم نے اُس میں اور اللہ نکالنے والا ہے جو تھے تم چھپاتے پس کہا ہم نے

(یاد کرو) اور جب تم نے ایک انسان کو قتل کر دیا پھر اس میں الجھ گئے اور اللہ تعالیٰ تو اُس کو ظاہر کرنے والا ہے جس کو تم چھپاتے تھے تو ہم نے کہا

اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى لا وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ.

مارو اُس کو ساتھ ایک ٹکڑے کے اس کے اسی طرح زندہ کرتا ہے اللہ مُردوں کو اور وہ دکھاتا ہے تم کو نشانیاں اپنی تا کہ تم سمجھو

تم اس کا (گائے کے گوشت کا) کوئی حصہ اس پر (مردہ لاش پر) مارو (تو وہ مردہ زندہ ہو گیا) لہٰذا ایسے ہی اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کرتا ہے اور تمہیں اپنی (قدرت کی)

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ م بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ط وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ

پھر سخت ہو گئے دل تمہارے بعد اس کے پس وہ مانند پتھروں کے ہیں یا زیادہ سخت اور بے شک بعض پتھروں میں سے

نشانیاں دکھاتا ہے تا کہ تم عقل سے کام لو پھر اس کے بعد تمہارے سخت دل ہو گئے جیسا کہ وہ پتھر ہوں یا ان سے بھی زیادہ سخت ہوں اور (حالانکہ) بے شک پتھروں

لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط

البتہ پھوٹ نکلتی ہیں اُس میں سے نہریں اور بے شک بعض اُس میں سے البتہ جو پھٹ جاتا ہے پس نکلتا ہے اُس میں سے پانی

میں سے تو نہریں (چشمے) ابل پڑتی ہیں اور یقیناً بعض شق (پھٹ جانا) ہو جاتے ہیں تو اُن میں سے پانی بہنا شروع ہو جاتا ہے۔

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ. اَفَتَطْمَعُوْنَ

اور بے شک اُس میں سے البتہ جو گر جاتا ہے ڈر اللہ کے سے اور نہیں اللہ غافل اُس سے جو تم عمل کرتے ہو کیا پس تم طمع کرتے ہو

اور بلاشبہ ان میں سے بعض پتھر تو خوف خداوندی سے لڑھک جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس سے بے خبر نہیں ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ کیا تم یہ طمع کرتے ہو

اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ

یہ کہ وہ ایمان لائیں تمہارے لیے اور تحقیق ہے ایک فریق اُن میں سے وہ سنتے ہیں کلام اللہ کا پھر وہ بدل دیتے ہیں اُس کو

کہ تم پر ایمان لے آئیں اور تحقیق ان میں سے ایک فریق (گروہ) کلام الٰہی کو سنتا ضرور ہے پھر وہ اس کو سمجھنے بوجھنے کے باوجود اس سے منحرف ہو جاتا ہے اور وہ

مِنْ م بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ. وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ج وَاِذَا

بعد اس کے جو سمجھ لیا تھا اُس کو اور وہ جانتے ہیں اور جب ملتے ہیں اُن لوگوں سے جو ایمان لائے کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب

(سب کچھ) جانتے ہیں اور جب وہ اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو اپنے ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور جب بعض اپنے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ خلوت میں ہوتے ہیں